روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات
ماہنامہ
خزینہ روحانیات
لاہور
JANUARY
2023
جلد نمبر
13
شمارہ نمبر
9
قیمت
80
روپے
معزز قارئین کرام
کو نیا سال 2023
مبارک ہو
کینسر، سرکش جنات اور جادو کا روحانی علاج
پریوں کی تسخیر کے اعمال
خاندان ولی اللّٰہی کے اعمال
حب کے تیر بہدف اعمال
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyat
khazinaruhanyat

امنت باللہ جل جلالہ کا خاص عمل

تعارف

امنت باللہ کا عمل خاص عمل ہے جس کے پیچھے مسلمان جنات کی بہت بڑی بڑی جماعتیں کام کرتی ہیں۔ ان جنات کا تعلق زیادہ تر مدارس سے ہے۔ اسی لئے یہ جنات ایسے افراد کی معاونت زیادہ کرتے ہیں جن کا تعلق مدارس سے ہوتا ہے یا پھر وہ دین سے جڑیں ہوں اور دین کا کام کر رہے ہوں۔

اجازت لینے کے فائدے

اجازت ملتے ہی، اجازت یافتہ کا نام منت باللہ کے پیچھے جو جنات ہیں، ان کی فہرست میں لکھ دیا جاتا ہے، اس لئے عامل فوراً کام لینا شروع کرسکتا ہے۔ اس عمل سے ہر جائز کام لیا جاسکتا ہے، مختصراً چند درج ذیل ہیں: *......ہر قسم کے جادو کا علاج *......ہر طرح کی بندش سے نجات *......ہر طرح کے جنات سے نجات *......مسلط جن کو حاضر کرنا *......جنات کو جلانا *......جنات کو بوتل میں بند کرنا *......جگہ سے جادو جنات نکالنا *......روحانی تشخیص *......محبت اور حاضری مطلوب *......زبان بندی اور جدائی *......مختلف بیماریوں کا علاج *......تسخیر و شادی کے لئے *......ہر جائز مقصد کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

اجازت کون لے؟

روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، علمائے کرام اور مفتیانِ عظام، دین سے جڑے افراد۔

اجازت کے لیے اہلیت

اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فنِ عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔

اجازت لینے کا طریقہ

اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ہدیہ کے ساتھ مشروط ہے اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ہدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔

نقد ہدیہ مع اعمال کی کاپی 6100 روپے، علاوہ ڈاک خرچ/کوریئر چارجز

کڑاہی والا عمل

بڑے سے بڑے اور سخت سے سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل مجرب المجرب عمل۔ اس عمل میں گروہ در گروہ جنات اور شیاطین کڑاہی میں جلتے ہیں۔ چاہے وہ کتنے ہی بڑے جادوگر اور عامل ہوں، اس عمل کے سامنے ان کی طاقتیں کمزور پڑ جاتی ہیں۔ جو انسانی جادوگر پیچھے سے وار کر رہا ہوتا ہے، اس کی طاقتیں بھی کڑاہی میں جل کر خاک ہو جاتی ہیں۔ اس عمل کو صرف بڑے عامل ہی کر سکتے ہیں۔ خاص کر ان جگہوں پر کیا جاتا ہے، جہاں جادو اور جنات نے بسیرا کر لیا ہو اور کسی طرح بھی نکلنے کا نام نہ لے رہے ہوں۔

ہدیہ: 30000 روپے

رعایتی ہدیہ: 25500 روپے

یہ رعایت صرف جنوری 2023 کے لئے ہے

نورانی مندرہ

ہدیہ: 7100 روپے

رعایتی ہدیہ: 6100 روپے

ہر طرح کے جادو اور جنات سے نجات اور ہر طرح کے عمل کو واپس کرنے کا خاص عمل۔ یہ وہ واحد عمل ہے جو ہر قسم کے مندروں کا بھی توڑ ہے۔ اس کے عامل پر آسانی سے جنات اور جادو کا حملہ نہیں ہوتا۔ اور چھوٹے جنات و شیاطین تو اس کے عامل سے مقابلہ ہی نہیں کرتے، بھاگ جاتے ہیں۔

جادو، جنات کے اثرات کے علاوہ پیچیدہ قسم کی بیماریوں کے لیے بھی مجرب ہے۔ خاص کر وہ بیماریاں، جو جادو اور جنات کی وجہ سے بنی ہوں۔ اس عمل کا بھی چلہ کرنا ضروری ہے۔

یہ رعایت صرف جنوری 2023 کے لئے ہے

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0309-7772775
0333-7772775 042-35410586
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah

اسلامی تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 13 جمادی الثانی ۱۴۴۴ھ / جنوری 2023ء شمارہ 9

darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات
0322-4773786, 042-35410586

رقم کی ادائیگی کے طریقے

ضروری ہدایات:

1. رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید / موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شارٹ / بینک ڈپازٹ سلپ 0302-8401977 پر واٹس ایپ کیجیے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس کیجیے یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجیے۔ جو بل بتایا جائے، اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔
2. موبائل اکاؤنٹس سے رقم نکلوانے پر اضافی چارجز کمپنی والے وصول کرتے ہیں۔ اس لئے موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی صورت میں اضافی چارجز بل میں لگائے جائیں گے۔

1. **منی آرڈر:** بنام دار العمل چشتیہ، 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔
2. **موبائل اکاؤنٹس:** درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

easypaisa بنام خالد مقبول۔ 03437772772

JazzCash 1 بنام مکتبۃ العارف۔ 03028401977

2 #0*786* ملائیں اور Till Id_ 0016 5958 درج کریں۔

UBL Omni بنام خالد مقبول۔ 03437772772

Upaisa بنام خالد مقبول۔ 33343082867

3. **بینک اکاؤنٹس:** درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔

1 **برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات:**
بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736

2 **برائے دیگر تمام شعبہ جات:**
بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466

مزید تفصیلات کے لیے لنک وزٹ کیجیے: darulamal.org/payment

قیمت 80 روپے

سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 940 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1340 روپے

سالانہ ممبر شپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1540 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1940 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27، 28، 29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبر شپ بذریعہ Whatspp/Email: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی یکم تاریخ کو رسالہ Whatspp/Email کیا جائے گا

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht darulamalchishtia
موبائل: 0343-7772772, 0322-7772772
موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)
پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

جمادی الثانی ۱۴۴۴ھ

جنوری 2023ء

فہرست مضامین

انتقالِ پُرملال

ایک عظیم عالمی شخصیت حضرت اقدس الشیخ مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی جن کو مفتی اعظم پاکستان کا اعزاز حاصل تھا۔ حضرت اقدس مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع عثمانی نور اللہ مرقدہٗ جو کہ دارالعلوم دیوبند کے صدر مفتی بھی رہ چکے تھے، کے بیٹے اور حضرت اقدس مولانا محمد یٰسین رحمہ اللہ جو کہ دارالعلوم دیوبند کے استاد ہیں اور حضرت حکیم الامت مجدد دین وملت مولانا محمد اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ کے ہم درس ہیں، کے پوتے ہیں۔ مفتی اعظم پاکستان 18 نومبر 2022 بروز جمعۃ المبارک کو اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ ادارہ ان کے انتقال پر بے حد رنجیدہ اور مغموم ہے۔

تمام قارئین کرام واحباب سے مفتی صاحب کی مغفرت اور بلندیٔ درجات کے لیے دُعاؤں کی درخواست ہے۔ ادارہ اس صدمے میں مفتی صاحب کے اہل خانہ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت کی کامل مغفرت فرمائے۔ اللہ پاک حضرت کو اپنے جوار رحمت میں خاص جگہ عطا فرمائے۔ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

اللہ کریم تمام لواحقین کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطا فرمائے۔

اللہ کریم اپنے کرم ورحمت سے حضرت کے درجات بلند فرمائے۔ تمام قارئین کی خدمت میں عاجزانہ عرض ہے کہ ایک (1) بار سورۂ فاتحہ اور تین (3) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر حضرت محمد رفیع عثمانی رحمہ اللہ کو ایصال ثواب کردیں۔

(ادارہ)

حمد باری تعالیٰ

تری حمد لکھ سکوں میں یہ مجال ہی کہاں ہے
میں ترا حقیر بندہ تو خدائے دو جہاں ہے

مہ و آفتاب و انجم ہیں اگر ترے ثنا گو
تو زمیں کا ذرہ ذرہ بھی ترا ہی مدح خواں ہے

تری آیت جمالی کا بہشت ایک جلوہ
ترے قہر اور غضب کا یہ جہنم اک نشاں ہے

تری رفعتوں کے آگے ہے جبین آسماں خم
ترا تخت عرش اعظم ترا ملک لا مکاں ہے

ترے اذن سے چمن میں ہے خرام فصل گل بھی
نہ ہو گر تری مشیت تو بہار بھی خزاں ہے

نہ جہاں خیال پہونچے ہے وہی مقام تیرا
جسے لکھ سکے نہ کوئی وہی تیری داستاں ہے

ترے عدل کی پکڑ سے تو نہ بچ سکے گا لیکن
ترے فضل کا سوالی یہ عطائے خستہ جاں ہے

عطاء الرحمٰن عطا مفتاحی

ان کے جو غلام ہوگئے

اُن ﷺ کے جو غلام ہو گئے
وقت کے امام ہو گئے

نام لیوا اُن ﷺ کے جو ہوئے
اُن کے اونچے نام ہو گئے

واسطہ دیا جو آپ ﷺ کا
میرے سارے کام ہو گئے

مصطفیٰ ﷺ کی شان دیکھ کر
بادشاہ غلام ہو گئے

چشم بینا ہو تو دیکھ لو
اُن کے جلوے عام ہو گئے

انبیاء کھڑے ہیں صف بہ صف
مصطفیٰ ﷺ امام ہو گئے

دو جہاں غلام ہو گئے
فیض اُن ﷺ کے عام ہو گئے

فرش سے وہ جا کے عرش پر
رب سے ہم کلام ہو گئے

مدح خواں ہیں آپ ﷺ کے خواص
نعت خواں عوام ہو گئے

وقفِ نعت خوانی اے ریاضؔ
میرے صبح و شام ہو گئے

فقیر محمود الحسن
نقشبندی اویسی

آہ! آفتاب علم

حضرت مفتی رفیع عثمانی علیہ الرحمۃ خالق حقیقی سے جا ملے

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔

لو کان الدنیا تدوم لواحد

لکان محمداً ﷺ فیہا مخلداً

اس دنیا کے رنگ و بو میں بے شمار لوگ آئے اور چلے گئے لیکن کچھ ایسے بھی گزرے جن کا آنا بھی بے مثال، دنیا میں رہنا بھی لاجواب، زندگی بھی شاندار اور موت بھی ایسی کہ ہر شخص کو رنجیدہ خاطر کر گئی۔

ایسی ہی ایک عظیم شخصیت جن کا نام ہے حضرت اقدس الشیخ مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی رحمہ اللہ جن کو مفتی اعظم پاکستان کا اعزاز حاصل تھا۔ حضرت اقدس مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع عثمانی نور اللہ مرقدہٗ جو کہ دارالعلوم دیوبند کے صدر مفتی بھی رہ چکے تھے، کے بیٹے اور حضرت اقدس مولانا محمد یٰسین رحمہ اللہ جو کہ دارالعلوم دیوبند کے استاذ ہیں اور حضرت حکیم الامت مجدد دین وملت مولانا محمد اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ کے ہم درس ہیں، کے پوتے ہیں۔ 23 ربیع الثانی 1355 ہجری بمطابق 16 جولائی 1936 عیسوی کو آپ کی ولادت ہوئی اور جب تعلیم کے حصول کی عمر کو پہنچے تو دارالعلوم دیوبند کے دارالافتاء میں بسم اللہ ہوتی ہے اور دارالعلوم دیوبند ثانی دارالعلوم کراچی سے دینی علوم کی تکمیل ہوتی ہے۔ آپ کے مشہور اساتذہ کرام میں استاذ القراء قاری فتح محمد صاحب نور اللہ مرقدہ، قاری رحیم بخش پانی پتی نور اللہ مرقدہ، مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ، مفتی ولی حسن رحمہ اللہ، مولانا مفتی سحبان محمود صاحب رحمہ اللہ، مولانا اکبر علی سہارنپوری رحمہ اللہ، شیخ المحدثین حضرت اقدس مولانا سلیم اللہ خان صاحب رحمہم اللہ جیسے جلیل القدر اور عظیم المرتبت علماء کرام سے علوم قرآنیہ اور علوم الحدیث وعلم الفقہ، علم بلاغت وعلم البیان کی تحصیل کی۔

الغرض تمام علوم نبوت کی تکمیل کے بعد اجازت حدیث کی طرف متوجہ ہوئے تو اپنے زمانہ کے زبردست اور جید علماء کرام سے حدیث مبارکہ کی اجازت حاصل کی۔ جن کے مشہور نام یہ ہیں:

*مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمہ اللہ

*مولانا ظفر احمد عثمانی رحمہ اللہ (مہتمم دارالعلوم دیوبند)

*مولانا قاری محمد طیب قاسمی صاحب

آخر میں جب طریقت کی طرف متوجہ ہوئے تو اپنے والد محترم کے حکم پر حضرت اقدس مولانا ڈاکٹر عبدالحئی عارفی صاحب نور اللہ مرقدہ کے ہاتھ پر بیعت کی، سلوک کی منازل طے کر کے مجاز کی سعادت سے مشرف ہوئے۔ تمام قارئین سے درخواست ہے اس مضمون کو بار بار پڑھیں اور غور فرمائیں کہ اللہ رب العالمین نے انہیں کن کن خوبیوں اور صفات سے نوازا۔ پھر اسی دارالعلوم کے مہتمم اور شیخ الحدیث کے عظیم منصب پر فائز ہوئے۔ اور پھر جب خدا رب ذوالجلال کا وہ فیصلہ آتا ہے جس سے کسی کو مفر نہیں۔ 18 نومبر 2022 کو اپنے خالق ومالک کے پیغام پر لبیک کہتے ہوئے اپنی اصل منزل کی طرف روانہ ہوئے۔

ایسے ہی علماء ربانیین کے بارے میں فرمایا:

موت العالِمِ موت العالَم

ایک عالم ربانی کی موت کل دنیا کی موت ہے۔

اللہ کریم تمام لواحقین کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطا فرمائے۔ آخر میں دعا ہے کہا: اللھم لاتحرمنا اجرہ ولا تفتنا بعدہ

اللہ کریم اپنے کرم ورحمت سے حضرت استاد جی رحمہ اللہ کے درجات بلند فرمائے۔ تمام قارئین کی خدمت میں عاجزانہ عرض ہے کہ ایک (1) بار سورۂ فاتحہ اور تین (3) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر حضرت محمد رفیع عثمانی رحمہ اللہ کو ایصال ثواب کردیں۔

روحانیت اور مرشد کامل

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی (لاہور)

اسلامی تصوف، ہندو جوگی اور بدھ ازم کے سب سکول یہ بات کہتے ہیں کہ: ''گرو بن گیان نہیں ملتا۔''

اسلام کے نظامِ روحانیت میں مرشد کو مرکزی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔ اگر کسی کو صحیح مرشد مل جائے تو پھر اس کے سفر سلوک کی منزلیں بہت آسان ہو جاتی ہیں۔ مرشد خود اسے درجہ بدرجہ ترقی کراتا اور رہنمائی کرتا چلا جاتا ہے۔ ایسے مرید کو مزید کسی اور طرف دیکھنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ ہر مرشد کی اپنی اپنی روحانی طاقت ہوتی ہے۔ کامل مرشد اسے کہا جائے گا جو مرید کو کچھ وقت کے بعد اپنے جیسا بنا لیتا ہے۔ اور مرید میں بھی یہ صلاحیت پیدا ہو جاتی کہ وہ دوسرے خاص مریدوں کو اپنے جیسا بنا لے۔

اصل بات یہ ہے کہ جب یقین کسی شخص کے اندر رچ بس جاتا ہے اور وہ شخص جو بڑے یقین کا مالک، سچا، لالچ سے پاک، کھرا اور Pure ہو جاتا ہے تو پھر وہ جس سے بھی ملتا ہے اور جس پر بھی اپنی نگاہ خاص ڈالتا ہے وہ اسے اپنے رنگ میں رنگ لیتا ہے۔ ایسا شخص ہی مرشدِ کامل کہلوانے کا حق دار ہے۔

یہ الگ بات ہے کہ مرشدِ کامل کا ملنا ایک بہت بڑی خوش نصیبی ہے اور کہا جا سکتا ہے کہ ''ایں سعادت بزور بازو نیست''

مرشدِ کامل سے صحیح معنوں میں فیض یاب ہونے کے لیے ضروری ہے کہ مرید کا یقین مضبوط ہو۔ کمزور یقین اور چھوٹی سوچ رکھنے والے کسی مرشد کریم سے فیض یاب نہیں ہو سکتے۔ یہی وجہ ہے کہ حکماء اور عرفاء کا یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ ''یقین کامل ہی مرشدِ کامل ہوتا ہے۔''

اس لیے ضروری ہے کہ انسان مرشدِ کامل کو تلاش کرنے سے پہلے اپنے یقین کو مضبوط کرے۔ اگر کوئی مرشدِ کامل کا متلاشی ہو مگر اس کا ذہن شکوک وشبہات کی آماجگاہ ہے تو پھر اسے مرشدِ کامل میں نقص نظر آ جائیں گے یا کچھ بھی نظر نہیں آئے گا۔ مرشد کو دیکھنے کے لیے خاص نظر اور خاص یقین چاہیے۔ جیسا یقین دل میں لے کر جائیں گے، ویسا مرشد ملے گا۔ جیسا کہ عرف عام میں مشہور ہے ''جیسی نیت ہوگی، ویسی ہی مراد ملے گی۔''

کیونکہ قانونِ فطرت یہ ہے کہ ہر چیز اپنی ہی قسم کی چیز کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ چور کو چور، جوار ہے کو جواریا اور نیک کو نیک اپنی طرف کھینچتا ہے۔

مولانا رومؒ نے اپنی مثنوی میں اس کی مثال دی ہے کہ جس میں کہا گیا کہ دنیا میں ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جو روحانیت کے جھوٹے دعوے کر دیتے ہیں بلکہ ان میں سے کچھ نبوت اور اللہ ہونے کا بھی دعویٰ کر جاتے ہیں اور حیرانی کی بات یہ ہے کہ ایسے ہر دعویٰ کرنے والے کو اچھے خاصے پیروکار بھی مل جاتے ہیں۔ اس کی یہی وجہ ہوتی ہے کہ جیسا مرشد ہوتا ہے، ایسے ہی خیالات کے مرید اسے مل جاتے ہیں کیونکہ ہر چیز اپنی قسم کی طرف کشش کرتی ہے۔

مرشدِ کامل کون ہوگا اور وہ کون سی چیز ہے کہ جس سے ہم کسی شخص کی روحانی پاور (Power) کا پتہ چلا سکیں؟ ہم نے برسوں اس امر پر کوشش کی کہ ایسا کوئی پیمانہ وضع ہو جائے کہ جس پیمانے سے ہم کسی شخص کی روحانی پاور کا پتہ چلا سکیں۔ اس حوالے سے جو ہمارے مشاہدے اور مطالعے میں طریقہ آیا ہے، وہ یہ ہے: جب بھی آپ کسی روحانی شخص کے پاس خلوص دل کے ساتھ جائیں گے تو اس کے پاس کچھ دیر بیٹھنے کے بعد آپ کو ایک عجیب سا روحانی کیف محسوس ہونا شروع ہو جائے گا۔ روحانی شخص کی قربت میں جانے کے بعد مسائل حیات سلجھنے لگتے ہیں اور شاہراہِ حیات پر خاروں کی جگہ گل بکھرنے لگتے ہیں۔ انسان بدیہی طور پر محسوس کرتا ہے کہ اس کی زندگی آسانیوں سے ہمکنار ہونا شروع ہو گئی ہے۔ بہر حال، ہر بندے کی اپنی ایک اندرونی کیفیت ہے جس سے وہ کسی کی روحانی پاور کا اندازہ کر سکتا ہے۔ جب ہم اسلام کے نظامِ روحانیت کا مطالعہ کرتے ہیں تو اس میں ہمیں یہ بات نظر آتی ہے کہ اسلام کے روحانی نظام میں مرشدِ کامل کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ اسلامی عرفاء کا کہنا ہے کہ جس کو مرشد مان لیں، اس کو دل سے مانیں، اپنے پرانے خیالات اور علم کا مقابلہ اس سے نہ کریں ورنہ آپ کو خاص فائدہ نہ ہوگا۔ زیادہ علم پڑھے ہوئے لوگ اس لئے روحانیت میں

ناکام رہتے ہیں کہ وہ اپنے مرشد سے پوری طرح متاثر (Inspire) نہیں ہو پاتے۔ اس کا اصول یہ ہوتا ہے کہ انسان جس کو مرشد مانے تو پھر اس مرشد کا خیال (Reflection) دل میں رکھ لینا ہوتا ہے۔ دل میں وہی Reflection بیٹھتا ہے جس سے ہم متاثر (Inspire) ہوں۔ اپنے خیالات علم یا روحانیت کا مقابلہ کرنے والا دوسرے سے کیا متاثر ہو سکتا ہے اور کیا فائدہ اٹھا سکتا ہے؟ اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ صحیح طور پر متاثر نہ ہونے کی وجہ سے مریدین اپنے مرشد سے فیض یاب ہونے میں ناکام رہتے ہیں۔

قانون یہ ہے کہ جب کسی کا تصور (Impression) اور (Reflection) دل میں بیٹھ جاتا ہے تو دل نہ صرف اس کو زندہ رکھتا ہے بلکہ اس کو مزید طاقتور کر کے مضبوط بناتا ہے۔ اس طرح انسان کی اندرونی شخصیت اپنے مرشد کے سانچے میں ڈھلتی جاتی ہے اور پھر بالآخر بیرونی شخصیت بھی تبدیل ہونے لگ جاتی ہے۔

مولانا رومؒ اس کی مثال اپنی شاعری میں دیتے ہوئے فرماتے ہیں: میں یہ جسم نہیں جو لوگوں کی نظروں میں مقبول نظر آتا ہے بلکہ میں وہ ذوق شوق ہوں جو مریدین کے قلوب میں میرے کلام اور میرے نام سے جوش مارتا ہے۔ پیر کے بارے میں کوئی شک نہ رکھنا، اس سے Impress ہونا اور اپنے علم سے اس کا مقابلہ نہ کرنا، یہ چیزیں اسلامی نظامِ روحانیت کا جزو ہیں۔

خود سے اور ذکر واذکار کر کے روحانیت کو پانے کے بجائے کسی مرشد کے لڑ لگنے کا ''شارٹ کٹ'' زیادہ آسان اور فائدہ مند رہتا ہے کیونکہ زندہ مثال سامنے ہو تو انسان جلدی سیکھتا ہے اور حوصلے میں بھی رہتا ہے۔ یاد رکھیں کہ روحانیت لفظی علموں یا سائنسی اور نفسیاتی علموں میں موجود ہوتی تو مغرب کے ملکوں میں سب لوگ کامل پیر ہو جاتے، سارے لفظی علم یہ لوگ وہاں لے جا چکے ہیں۔ ہندوؤں اور بدھ مت والوں کا سارا لفظی علم وہ اپنے کمپیوٹروں میں ڈال چکے ہیں اور لفظوں کے علموں کا وہ ان لوگوں سے زیادہ ہی عالم ہو چکے ہیں۔

مگر روحانیت یقینِ کامل (Faith) کا نام ہے جس میں توکل باخدا سب سے اہم ہے، جو اِن کے پاس نہیں ہے اور ان کو سمجھ بھی نہیں آ رہا۔ اس لیے آپ بھی پیروں میں لفظی علموں کو زیادہ تلاش نہ کریں، گو انہیں اس میں بھی کچھ نہ کچھ معلومات ضرور ہوں گی۔ پیری مریدی میں یہ سمجھنے والی بات ہے کہ مرید اگر حوصلے والا ہے تو پیر سے بعض اوقات مرید بھی اوپر چلا جاتا ہے۔ اس کی سیدھی سی مثال اسلامی تصوف میں جناب شیخ عبدالقادر جیلانیؒ، شیخ ابوالحسن خرقانیؒ ہیں، پھر اس کی اور بھی بہت سی مثالیں موجود ہیں۔

تصور متاثر ہو کر اندر رکھنے کے بعد پیوند کی طرح کام کرتا ہے لیکن خیال رکھیں کہ کسی مجذوب کا تصور اندر رکھنے سے آپ بھی مجذوب بنتے چلے جائیں گے اور لالچی اور بھوکے پیر کا تصور آپ کو بھی لالچی اور بھوکا بنا دے گا۔ اور بھی بہت کچھ ہو سکتا ہے، عقل مند کے لیے اشارہ کافی ہے۔

انسان خصوصاً سالک کی اندرونی شخصیت بڑی لطیف ہوتی ہے، جس سے متاثر ہو، وہی رنگ اختیار کر جاتی ہے۔ استاد سے سیکھنا بہتر اور آسان بھی ہوتا ہے خصوصاً صحیح استاد مل جائے تو بات بڑی آسان ہو جاتی ہے کیونکہ پھر شاگردوں (مریدوں) کے سامنے ایک عملی مثال ہوتی ہے۔

اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ کئی دفعہ پڑھی ہوئی بات بھی انسان بھول جاتا ہے مگر استاد سے سنی ہوئی بات پکی یاد رہ جاتی ہے۔ استاد سے سیکھنے میں یہ بھی یاد رکھیں کہ اس کے سکھانے کے طریقے اور نظام پر بھی آپ کا اعتقاد ہو تو نتیجے جلد ملتے ہیں۔ اگر آپ کو کوئی تھوڑا بہتر پیر مل جاتا ہے تو اس پر پورا بھروسہ کریں۔ عجیب بات یہ ہوتی ہے کہ اگر آپ اس پر پورا بھروسہ کرتے اور اسے بڑا روحانی سمجھتے ہیں تو وہ آپ کے اعتقاد کی طاقت کی مدد سے اور کچھ اپنی روحانیت سے واقعی اسی قابل بن جاتا ہے۔ پھر وہ آپ کو پورا فائدہ دے گا، چاہے آپ کے دوسرے ساتھیوں کو نہ دے سکے۔

روحانی معاملوں میں استاد کی بڑی اہمیت کی ایک وجہ یہ (جیسے فاصلے پر چیزیں دیکھنا، دوسری جگہ موجود ہونا، جسم میں سے چھریاں گزارنا، ہوا میں اڑنا) استاد سے سیکھے جائیں تو یہ زیادہ یقینی اور آسان راستہ ہے۔ دراصل یہ چیزیں متعدی ہوتی ہیں یعنی ایک انسان سے دوسرے میں آتی ہیں۔ یقین کامل بھی متعدی ہوتا ہے، اسی چیز کو ''جاگ'' لگنا بھی کہتے ہیں۔ یہ صحیح روحانیت سے دوسروں میں منتقل ہوتی رہتی ہیں۔ یہی چیز اسلام کے خانقاہی نظام کی بنیاد ہے۔

برے اخلاق و اعمال

مرتب: نصیر احمد

خود بینی:

زواجر میں دیلمی کے حوالہ سے بیان کیا گیا ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: خود بینی ایسی بری بلا ہے کہ اس سے ستر برس کے بہترین عمل برباد ہو جاتے ہیں۔ (دیلمی)

بے حیائی کی اشاعت:

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں بے حیائی کی باتیں کرنے والا اور ان کی اشاعت کرنے والا اور پھیلانے والا دونوں گناہ میں برابر ہیں۔ (الادب المفرد)

دوسروں کو حقیر سمجھنا:

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے، اس پر کوئی ظلم و زیادتی نہ کرے (اور جب وہ اس کی مدد و اعانت کا محتاج ہو تو اس کی مدد کرے) اور اس کو بے مدد کے نہ چھوڑے اور اس کو حقیر نہ جانے اور نہ اس کے ساتھ حقارت کا برتاؤ کرے (کیا خبر ہے کہ اس کے دل میں تقویٰ ہو، جس کی وجہ سے وہ اللہ کے نزدیک مقرب و مکرم ہو) پھر آپ ﷺ نے تین (3) بار اپنے سینے کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ تقویٰ یہاں ہوتا ہے (ہو سکتا ہے کہ تم کسی کو ظاہری حال سے معمولی آدمی سمجھتے ہو اور اپنے دل کے تقویٰ کی وجہ سے وہ اللہ کے نزدیک محترم ہو، اس لیے کبھی مسلمان کو حقیر نہ سمجھو)۔ آدمی کے برا ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے اور اس کے ساتھ حقارت سے پیش آئے۔ مسلمان کی ہر چیز دوسرے مسلمان کے لیے قابل احترام ہے، اس کا خون، اس کا مال، اور اس کی آبرو (اس لیے ناحق اس کا خون گرانا اور اس کا مال لینا اور اس کی آبروریزی کرنا یہ سب حرام ہیں)۔ (صحیح مسلم، معارف الحدیث)

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ علامات قیامت میں یہ بات بھی ہے کہ معمولی طبقے کے لوگ بڑے مکان اور اونچی اونچی حویلیاں بنا کر ان پر فخر کریں گے۔ (بخاری و مسلم)

ریاء:

محمود بن لبیدؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے تمہارے بارے میں سب سے زیادہ خطرہ ''شرک اصغر'' کا ہے۔ بعض صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! شرک اصغر کا کیا مطلب ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ریاء (یعنی کوئی نیک کام لوگوں کے دکھلاوے کے لیے کرنا)۔ (مسند احمد، معارف الحدیث)

شداد بن اوسؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے آپ ﷺ فرماتے تھے، جس نے دکھاوے کے لیے نماز پڑھی اس نے شرک کیا اور جس نے دکھاوے کے لیے روزہ رکھا اس نے شرک کیا اور جس نے دکھاوے کے لیے صدقہ و خیرات کیا، اس نے شرک کیا۔

(مسند احمد، معارف الحدیث)

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا آخری زمانہ میں کچھ ایسے مکار پیدا ہوں گے جو دین کی آڑ میں دنیا کا شکار کریں گے اور وہ لوگوں پر اپنی درویشی و مسکینی ظاہر کرنے اور ان کو متاثر کرنے کے لیے بھیڑوں کی کھال کا لباس پہنیں گے، ان کی زبانیں شکر سے زیادہ میٹھی ہوں گی مگر ان کے سینہ میں بھیڑیوں کے دل ہوں گے، (ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ''کیا یہ لوگ میرے ڈھیل دینے سے دھوکہ کھا رہے ہیں یا مجھ سے نڈر ہو کر میرے مقابلہ میں جراءت کر رہے ہیں۔ پس مجھے قسم ہے کہ میں ان مکاروں پر انہیں میں سے ایسا فتنہ پیدا کروں گا جو ان میں کے عقلمندوں اور داناؤں کو بھی حیران بنا کر چھوڑے گا۔''

(جامع ترمذی)

(ماخوذ: اسوۂ رسول اکرم ﷺ از حضرت ڈاکٹر عبدالحئی عارفی رحمۃ اللہ)

روحانیات وتصوف

قیصر احمد بی۔ اے۔ (کراچی)

رعایا کی نگہداشت اور حکمرانی وفرمانبرداری

ایک دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (کسی شخص کی) نماز جنازہ پڑھانا چاہی۔ ناگاہ کوئی شخص آگے بڑھا اور نماز پڑھا دی اور جب دفن کر چکے تو اس کی قبر پر ہاتھ رکھ کر کہا: ''بار خدایا!! اگر تو اسے مبتلائے عذاب کرے تو درست ہے کہ ممکن ہے یہ تیرا گناہگار رہا ہو۔ اور اگر رحمت کرے تو رحمت کا محتاج ہے اور کون ہے جو تیری رحمت کا محتاج نہ ہو۔ اور اے شخص کہ اس قبر میں مدفون ہے (خدا کرے کہ تو ٹھنڈا رہے اور تو ٹھنڈا ہی رہے گا)، اگر تو (زندگی میں) کبھی امیر قوم، نقیب دربار، حاکم کا مددگار، کاتب، حکام سلطان یا وصول کنندہ محصولات وغیرہ نہ رہا تھا۔ یہ کہہ کر نظروں سے غائب ہو گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حکم دیا کہ اسے تلاش کیا جائے۔ لوگوں نے بہتیرا ڈھونڈا لیکن کہیں کھوج نہ مل سکا اور پھر خود ہی فرمایا کہ (ہو نہ ہو) یہ حضرت خضر علیہ السلام تھے۔

علم کی محبت

ایک اُستاد کسی بچے کو پڑھانے کیلئے ایک گاؤں میں جاتے تھے۔ ایک دن اس گاؤں کے ایک شخص نے اُن سے کہا: ''آپ میرے بچے کو بھی پڑھا دیا کریں؟'' انہوں نے کہا: ''میں بہت دور سے آتا ہوں۔ پہلے ہی واپس پہنچنے میں دیر ہو جاتی ہے۔'' اس پر اس شخص نے کہا: ''میں آپ کو ایک گھوڑا دیتا ہوں۔ آپ اس پر آجایا کریں۔'' استاد نے بات منظور کر لی۔ اب وہ ہر روز گھوڑے پر آنے جانے لگے۔

ایک دن اسی گاؤں کے ایک اور شخص نے ان سے یہی بات کہی۔ اس پر انہوں نے کہا: ''میں پہلے ہی دو بچوں کو پڑھا رہا ہوں، دور سے آتا ہوں، اس لئے معافی چاہتا ہوں۔'' اس آدمی نے جواب دیا: ''میرا بیٹا گاؤں کے سرے پر آپ کے راستے میں کھڑا ہو جایا کرے گا۔ جب آپ وہاں پہنچیں گے تو وہ آپ کے ساتھ ساتھ چلا کرے گا۔ آپ راستے میں اسے سبق دے دیا کریں۔ اسی طرح جب آپ واپس جائیں گے تو وہ آپ کے ساتھ ساتھ چلا کرے گا۔ اور یوں اپنا سبق سنا دیا کرے گا۔'' اُستاد نے یہ بات منظور کر لی۔ وہ بچہ اسی طرح گھوڑے کے ساتھ ساتھ چل کر علم سیکھتا رہا۔ آپ جانتے ہیں وہ شاگرد کون تھا؟ وہ تھے حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ جو آج تک آسمان علم پر جگمگا رہے ہیں۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''جب تک تم اپنا سب کچھ علم نہیں دے ڈالو گے، علم بھی تمہیں اپنا کوئی حصہ نہیں دے گا۔''

علم

1. علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔
2. علم حاصل کرو ماں کی گود سے قبر تک۔
3. ہر چیز کا ایک راستہ ہوتا ہے۔ جنت کا راستہ ہے علم۔
4. علم کے ساتھ عمل اور دولت کے ساتھ شرافت نہ ہو تو دونوں بے کار ہیں۔
5. علم سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں۔
6. تکبر علم کو کھا جاتا ہے۔

یہ سال آپ کے لئے کیسا رہے گا

خالد روحانی جنتری 2023

صفحات:143، قیمت:350روپے

کلینڈر ☆ رشی پیر ☆ زائچہ پاکستان ☆ دنیا ستاروں کی روشنی میں ☆ سالانہ حالات ☆ خالد روحانی جنتری جنوری تا دسمبر بمع ماہانہ تواریخ ☆ ایک نظر میں داخلہ کواکب، شرف وہبوط، قمری حالتیں ☆ کواکب در بروج (ماہانہ بنیاد پر)(کواکبی بنیاد پر) ☆ رجعت واستقامت کواکب ☆ گرہن شمسی وقمری ☆ شرف وہبوط کواکب (ماہانہ بنیاد پر) (کواکبی بنیاد پر) ☆ قمری حالتیں ☆ مکمل نظرات کواکب ☆ نظرات کواکب برائے عملیاتی مقاصد ☆ شرف ہبوط کواکب کے احکام والواح ☆ تسخیر متوکل ذاتی ☆ نظرات کواکب کے احکام، الواح وتشر

ہندی یعنی نریانہ نجومی سسٹم پر
پاکستان کی پہلی اور واحد جنتری

خالد ہندی جنتری 2023

صفحات:119، قیمت:350روپے

کیلنڈ ☆ رجعت واستقامت گرہ ☆ گرہن ☆ درشتی گرہوں کی ☆ استخراج لگن، کنڈلی (طالع پیدائش) ☆ روزانہ کواکبی تقویم ☆ نام راس اور نچھتر معلوم کرنے کا طریقہ ☆ تقدیر کے روزانہ حالات ☆ آج کا دن کیسا گزرے گا؟ ☆ مفید اور کار آمد جنتری ☆ گمشدہ چیز کا سراغ لگانا ☆ تسخیر متوکل ذاتی ☆ جسمانی بیماری پہچاننے کا عمل ☆ آپ کا پتھر ☆ خاتمہ ساڑھ ستی وڈھایہ ☆ مقدر کا سکندر ☆ جیت آپ کی ☆ حافظ کی ایک خاص دعا ☆ روحانی صدری اعمال

12 امامیہ جنتری 2023

ازافادات: شہزادہ سید محمد علی زنجانی

صفحات:185۔ قیمت:300روپے

٭ دُعا برائے سلامتی امام زمانہؑ ٭ اداریہ 2023ء ٭ اسمِ مبارک 2023ء ٭ لوحِ محفوظ عریضہ ٭ نوروز عالم افروز 2023ء ٭ فضائل عید نوروز ٭ عالمی وسیاسی حالات 2023ء ٭ جفری پیشگوئیاں 2023ء ٭ تنویر السال 2023ء ٭ برکام قمر ہے ٭ تقویم بارہ ماہ 2023ء ٭ ارشادات امام علی رضاؑ ٭ اوقات قمر در عقرب 2023ء ٭ انجمن شرفات کواکب ٭ آداب عملیات ٭ اہم اوقات عملیات 2023ء ٭ سیارگان کے شرف وہبوط 2023ء ٭ داخلہ سیارگان 2023ء ٭ کسوف وخسوف 2023ء ٭ نماز آیات ٭ صدقہ سے شفاء ونافع الخوراک ٭ پاکستان کے سیاسی حالات ٭ تنویر الاعزل ٭ امام مہدیؑ قرآن وحدیث کی روشنی میں ٭ اعمال نوائے صالحین ٭ دُعائے امام زمانہؑ ٭ اعداد قرآنی سورۃ ٭ اہرام شرفِ مشتری ٭ طلسماتی الواح بروج ٭ نام سے برج معلوم کرنے کا طریقہ ٭ برج حمل تا حوت سالانہ حالات 2023ء ٭ شرف مشتری کا نوٹ

مفید عالم جنتری 2023

صفحات:208، قیمت:400روپے

٭ اہم پرب تیوہار اور چھٹیاں 2023ء ٭ جموں کشمیر اور مسلم تیوہار ٭ عظیم شخصیتوں کے یوم پیدائش، جین پرب ٭ سنکرانتی اور پنیہ کام، راہوکال ٭ پنجاب، ہماچل ودہلی وغیر کے میلہ جات ٭ کنڈمول اور پنچک، نفع نقصان چکر ٭ تفصیل گرہن بابت 2023ء گرہوں کا داخلہ راس، طلوع وغروب ٭ نئے بکرمی سمت 2080ء کا بیورہ ٭ سال کے بادشاہ وزیر کا ثمرہ 2023ء ٭ سورج کا داخلہ آردرا نچھتر کا ثمرہ ٭ براسپت کا میگ گوچرہ پھل، راہو۔کیتو گوچر پھل ٭ آکاشی کونسل واہم پیشگوئیاں 2023ء ٭ جنسوں میں تیزی مندی 2023ء ٭ نوروز عالم اہل یونان 2023ء ٭ بھدرا کا آغاز وختم کے اوقات 2023ء ٭ سروارتھ سدھ، امرت سدھ یوگ 2023ء ٭ کار آمد جنتری، جوالامکھی یوگ ٭ مبارک مہورت شادی 2023ء ٭ گرہوں کے ناقص اشٹوا وپائے ٭ گرہوں کا دشاؤں کا ثمرہ ٭ بھارت کے اہم شہروں کا فرق لگن

خاندان ولی اللّٰہی کے اعمال

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ

آسیب کی وجہ سے بے ہوش کو ہوش میں لانا

پاک پانی پر سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور پانچ (5) آیتیں اول سورۂ جن کی پڑھے اور اس پانی کا اس کے منہ پر چھینٹا مارے کہ ہوش میں آجاوے گا۔

سورۂ جن کی آیات مذکورہ یہ ہیں:

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝ (الجن: ۱-۵)

مکان میں جن دوبارہ نہ آئے

اور جب کسی مکان میں جن معلوم ہوتا ہو تو مذکورہ بالا پانی سے اس مکان کی نواحی میں چھینٹے مارے تو وہاں پھر نہ آوے گا۔

گھر میں جنات و شیاطین کا پتھر پھینکنا

اور واسطے قریب ہونے شیطان کے گھر سے اور ان کے پتھر پھینکنے کے لیے یہ آیت پڑھے اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝ (الطارق: ۱۵-۱۷) چار (4) لوہے کی کیلوں پر، ہر کیل پر پچیس پچیس (25) بار۔ پھر ان کو گھر کے چاروں کونوں میں ٹھونک دے۔

برائے حفظ چیچک

اور میں نے حضرت والدؒ سے سنا، فرماتے تھے کہ جب چیچک کی بیماری ظاہر ہو تو نیلا تاگا لے اور اس پر سورۂ رحمن پڑھ کر جب تو فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر پہنچے تو ایک (1) گرہ دے اور اس پر پھونک ڈال اور دھاگے کو لڑکے کی گردن میں باندھ دے۔ حق تعالیٰ اس کو اس بیماری سے آرام دے گا۔

نامہائے اصحاب کہف، برائے امان از غرق و آتش زدگی و غارت گری و دزدی

اور سنا میں نے حضرت والدؒ سے، فرماتے تھے کہ اصحاب کہف کے نام امان ہیں ڈوبنے اور جلنے اور غارت گری اور چوری سے، الٰہی سے آخر تک دعا کرے۔

اِلٰهی بحرمت یملیخا۔ مکسلمینا۔ کشفوطط۔ آذرفطیونس۔ کشا فطیونس۔ تبیونس۔ یوانس بوس کلبھم قطمیر وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَاۗىِٕرٌ۔

گھر سے جن کو دفع کرنے کے لیے

اور یہ بھی دفع جن کا عمل ہے کہ اصحاب کہف کے نام گھر کی دیواروں میں لکھے۔

برائے خوف حاکم

میں نے حضرت والدؒ سے سنا فرماتے تھے کہ جو شخص کسی صاحب حکومت سے ڈرے اس کو چاہیے یوں کہے "كٓهٰيٰعٓصٓ كَفِيْتُ حٰمٓعٓسٓقٓ حَمِيْتُ" اور چاہیے کہ داہنے ہاتھ کی ہر انگلی کو بند کرے لفظ اول کے ہر حرف کے تلفظ کے ساتھ اور بائیں ہاتھ کی ہر انگلی کو قبض کرے لفظ ثانی کے ہر حرف کے نزدیک۔ پھر دونوں ہاتھوں کی انگلیاں بند کیے چلا جاوے۔ پھر دونوں کو کھول دے، اس کے سامنے جس سے ڈرتا ہے۔

(لفظ اول سے كٓهٰيٰعٓصٓ اور لفظ ثانی سے حٰمٓعٓسٓقٓ مراد ہے یعنی جب 'کاف' کہے تو داہنے ہاتھ کی انگلی بند کرے پھر جب 'ہا' کہے یعنی دوسرا حرف بولے تو دوسری انگلی بند کرلے اور 'یا' ئے تحتانیہ کے بعد تیسری انگلی اور 'عین' کے بعد چوتھی اور 'صاد' کے بعد پانچویں بند کرلے اور علیٰ ہذا القیاس لفظ ثانی کے ہر حرف کے ساتھ ایک ایک (1،1) انگلی بائیں ہاتھ کی بند کرے۔)

حب کے مجرب عملیات

حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ (میلسی)

برائے حب

حاکم کے سامنے جانے سے پہلے سات (7) مرتبہ سورۃ والناس اس طرح پڑھیں کہ جب والناس پر پہنچیں تو والناس کے لفظ کا تین (3) بار تکرار کرے۔ سات (7) دفعہ سورۃ پڑھنے کے بعد اپنی شہادت کی انگلی کو لب لگا کر اپنے ماتھے پر صرف لام بنادے۔ اب حاکم کے سامنے جاوے۔

برائے حب از حد مؤثر

وَاعۡتَصِمُوۡا بِحَبۡلِ اللّٰهِ جَمِيۡعًا وَّلَا تَفَرَّقُوۡا‌ ۖ وَاذۡكُرُوۡا نِعۡمَتَ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ اِذۡ كُنۡتُمۡ اَعۡدَآءً فَاَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوۡبِكُمۡ فَاَصۡبَحۡتُمۡ بِنِعۡمَتِهٖۤ اِخۡوَانًا ۚ وَكُنۡتُمۡ عَلٰى شَفَا حُفۡرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنۡقَذَكُمۡ مِّنۡهَا‌ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمۡ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُوۡنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلۡتَكُنۡ مِّنۡكُمۡ اُمَّةٌ يَّدۡعُوۡنَ اِلَى الۡخَيۡرِ وَيَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ‌ؕ وَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۱۰۴﴾

(عمران: ۱۰۳-۱۰۴)

شروع ماہ میں سوموار کے دن ہرن کی جھلی پر توت کے عرق سے مذکورہ آیت لکھ کر آخر میں یا مؤلف القلوب الف بین فلاں و فلاں لکھے اور طالب اپنے بازو پر باندھ لے۔ ان شاء اللہ سخت سے سخت مخالف بھی ہو گا تو چند دنوں میں دوست ہوجائے گا۔ (مجرب است)

حب

آیت کریمہ وَاَلۡقَيۡتُ عَلَيۡكَ مَحَبَّةً مِّنِّىۡ ۚ وَلِتُصۡنَعَ عَلٰى عَيۡنِىۡ ﴿۳۹﴾ (طہ:۳۹) کو سوموار کی رات مغرب کے وقت اکتالیس (41) بار پڑھے۔ منہ قبلہ کی طرف کرے۔ اول آخر درود شریف گیارہ (11) بار پڑھے اور منہ میں الائچی وغیرہ بھی رکھے۔ دریا کے کنارہ پر پڑھے۔ اکتالیس (41) روز تک یہ عمل کرے اور اس شخص کا تصور بھی کرے۔

حب

اس نقش کو لکھ کر پلا دے اور اس نقش کے نیچے الحب فلاں بن فلاں لکھے۔

قل	هو	الله	احد
الله	الصمد	لم	يلد
و	لم	يولد	ولم
يكن	له	كفواً	احد

حب

الحمد لله رب العالمين، سلام قولا من رب الرحيم، بسم الله الرحمن الرحيم۔ بعد از نماز عشاء درمیان وتر و نفل کے پڑھے اور ہر ایک کو اکتالیس (41) بار پڑھے اور عطر گلاب پر دم کرے۔ پھر جس گھر جانا ہو، اپنے ہاتھ پر مل لے۔

برائے حب

اس کو لکھ کر مطلوب کو پلاؤ۔

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم يلد	ولم	يولد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم يلد	ولم	يولد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم يلد	ولم	يولد	ولم	يكن
احد	الله	الصمد	لم يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له
الله	الصمد	لم يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفواً
الصمد	لم يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفواً	احد

وصلی الله تعالٰی علی خیر خلقه محمد وآله واصحابه اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین یا حی یا قیوم برحمتك استغیث

برائے الفت زوجین

اس کو شربت پر دم کر کے پلائیں۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ، يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الۡعَلِيُّ الۡعَظِيۡمِ۔ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بَدِيۡعُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ بِرَحۡمَتِكَ يَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِيۡنَ۔ الحب فلان بن فلان۔

دعوت برھتیہ (قسط ۱)

علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری مدظلہ (حویلی لکھا)

عبرانی سریانی کی مشہور و معروف دعوت برہتیہ میں اٹھائیس (28) اسماء ہیں۔ جو حروف ابجد اور منازل قمری سے منسوب ہیں۔ ہر اسم کے بے شمار خواص اور افعال ہیں۔ رُوحانیت کے نصاب میں دُعائے برہتیہ کی دعوت شامل ہے۔ اُس وقت تک کوئی حامل، عامل نہیں بن سکتا جب تک کہ وہ دُعا مذکورہ کی ریاضت نہ کرے۔ یہ ایک ایسی عظیم دُعا ہے جسے زمانہ قدیم کے حکماء وقدمائے نے عہد قدیم اور میثاق عظیم کے نام سے بھی موسوم کر کے بیان کیا ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ یہ ایک طلسم المیثاق العظیم، سر المصون، الکنز المخزون، الکبریت الاحمر سے بھی زیادہ بیش قیمت اور اہمیت کی حامل ہے تو اس میں ذرہ بھر بھی شک نہیں ہے۔ دُعائے برہتیہ حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ پھر اُن کے بعد اُن کے وصی وجانشین حضرت آصف بن برخیا کو امانت اور وراثت نبوت کے طور پر ملی۔ ان کے بعد حکیم قلفطیریوس کو اور اُس کے شاگردوں کی طرف منتقل ہوتی ہوئی عہد حاضر کے اکابر ومشائخ تک پہنچی ہے۔ عہدِ قدیم کے تمام عاملین وکاملین نے اپنی اپنی کتب اور رسائل میں اس عظیم دُعا کا ذکر بڑی تفصیل سے کیا ہے۔ ہماری ذاتی لائبریری میں جو کتب موجود ہیں ان میں سے چند ایک کا ذکر کرتے ہیں جن میں دُعائے برہتیہ کے اسماء کا ذکر موجود ہے۔ "منبع اصول الحکمتہ" از امام ابی العباس احمد بن علی البونی "اغاثۃ المظلوم کشف اسرالعلوم" از سید عبدالفتاح الطوخی المصری۔ اسی مصنف نے اپنی ان کتب میں بھی اس کا ذکر کیا ہے۔ "الکباریت فی اخراج العفاریت، سحر الکھان فی حضور الجان، والبیان فی علمی الکوتشینۃ والفذجان، احکام الحکیم فی علم التنجیم، والنجاح فی علوم النفس والتنویم" اور امام الغزالی نے اپنی ان کتب میں "الخاتم السلیمانی والعلم الروحانی، الطب الروحانی للجسم الانسانی۔ الغزالی الکبیر۔" اور محی الدین ابن عربی نے "الکبریت الاحمر" میں اس دُعا کا ذکر کیا ہے۔ علاوہ ازیں امام بونی نے "شمس المعارف الکبریٰ" میں۔ استاذ الکبیر الشیخ علی ابوجی اللہ مرزوقی نے اپنی کتاب "الجواہر اللماعۃ فی استحصار ملوک الجن فی الوقت والساعۃ" میں۔ استاد المجریطی نے "غایت الحکیم" میں۔ امام جلال الدین سیوطی نے "الطب والحکمۃ" میں۔ الشیخ محمد الشافی الخلوتی الحنفی نے "السر المظروف فی علم بسط الحروف" میں۔ الشیخ علی بن محمد الطندتائی نے "جوامع الاسرار الروحانیہ" میں۔ علامہ محمد رفیق زاہد نے "طلسمات کی دنیا" میں۔ حضرت کاش البرنی نے "عامل کامل" میں۔ خواجہ حسن نظامی نے "گلشن اسرار لاہوت وناسوت" میں، حضرت بوعلی ابن سیناء نے اپنے "مجربات" میں اس عظیم دُعا کا ذکر کیا ہے۔ ان کتب کے علاوہ بھی بے شمار کتب میں اس جلیل القدر دُعا کا ذکر موجود ہے۔ ہم نے اپنی کتب "فیضان القرآن، رَدِّسحر حصہ سوم، مصباح الارواح، رُوحانی خطوط، عکسِ لوحِ محفوظ" میں بھی اس عظیم دعوت کے چند اعمال درج کیے ہیں، مگر یہاں ہم سیر حاصل بحث کر رہے ہیں جو کہ آپ کو بے شمار کتب سے بے نیاز کر دے گی۔ ہر عامل کا علم دُعائے برہتیہ کے بغیر ادھورا اور دُم کٹا ہے۔ اس دُعا کے عامل کے حکم سے کوئی موکل، جنات، عفریت سرکش اور شیاطین نافرمانی نہیں کر سکتا اور کسی عمل میں اسے ناکامی نہیں ہوتی۔ اس کے علاوہ جتنی عزیمتیں اور قسمیں علوم روحانیہ میں ہیں، اُن تمام سے اس کا عامل بے پرواہ ہو جاتا ہے۔ تمام اعمال میں اس کا عامل تصرف کر سکتا ہے۔ موکلات واعوان کو حاضر کرنے اور ان سے کام لینے کے سلسلہ میں، چیزوں کو مخفی اور ظاہر کرنے میں، لوگوں کو بیمار کرنے اور شفا دینے میں، اعمال خیر وشر ہمہ قسم میں کلی طور پر کامیاب وکامران ہوتا ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ عصرِ حاضر کے عاملین نے اس عظیم دُعا کی طرف کم توجہ دی ہے۔ ان اٹھائیس (28) اسماء کے اعراب کا مسئلہ مشاقانِ رُوحانیت کے لیے رہا

ہے۔ کیونکہ تمام اسماء سریانی زبان میں ہیں۔ ان اسماء کے اعراب درست کرنے کے سلسلہ میں گذشتہ ربع صدی ہم نے اس کی تحقیق پر صرف کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا خاص فضل وکرم فرمایا۔ یہ عظیم تحقیق قارئین کی نذر کررہے ہیں تاکہ آنے والی نسلوں کے کام آئے۔

جس کا مستقبل جاننا چاہو۔ اس کا ماضی جاننے کی کوشش کرو۔ کیونکہ افراد اور اقوام کا ماضی ان کے مستقبل کا عکاس ہوتا ہے۔ الحمدللہ کہ ہمارے اسلاف نے ماضی میں بھی علوم روحانیہ کی تحقیق پر بہت زیادہ کام کیا ہے۔ ان کا ماضی روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ ہمیں بھی اپنے اسلاف کی اس عظیم روش کو قائم رکھنا ہے۔ دُعائے برہتیہ کے اٹھائیس (28) اسماء کے ہر حرف کے اعراب کی تحقیق تفصیل سے درج کی جاتی ہے۔ مستقبل کے مشتاقانِ روحانیت کے لیے اور عصر حاضر کے عاملین وکاملین کے لیے ایک عظیم رُوحانی تحفہ ہے۔ علوم روحانیہ ومخفیہ کی بنیاد دُعائے برہتیہ ہے۔ جس نے بنیاد مضبوط کرلی اس کا علم کامل ہوا اور اس کا عمل تیر بہدف ہوا۔

پہلا اسم بَرْهَتِيَةٍ بروزن تَفْعِلَيَةٍ

1	بموحدۃ مسکورۃ	یعنی	زیر	والی۔با
	راساکنۃ	یعنی	جزم	والی۔را
	ہامفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔ھا
	مثناۃ فوقیۃ مسکورۃ	یعنی	زیر	والی۔تا
	یاساکنۃ تحتیہ ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔یا
	ہامکسورۃ منونہ	یعنی	دوزیر	والی۔ھا

دوسرا اسم كَرِيْرٍ بروزن فَعِيْلٍ

2	گ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔کاف
	رِ۔مسکورہ	یعنی	زیر	والی۔را
	یْ۔ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔یا
	رٍ۔منونہ	یعنی	دوزیر	والی۔را

تیسرا اسم تَتْلِيَةٍ بروزن تِفْعَلٍ

3	تَ۔مثناۃ فوقیہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔تا
	تْ۔مثناۃ فوقیہ ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔تا
	لِ۔مکسورہ	یعنی	زیر	والا۔لام
	یْ۔تحتیہ ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔یا
	ہٍ۔منونہ	یعنی	دوزیر	والی۔ھا

چوتھا اسم طُوْرَانٍ بروزن فُعْلَانٍ

4	طُ۔مہملہ مضمومہ	یعنی	پیش	والا۔طا
	وْ۔ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔واو
	رَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔را
	ا۔درمیان میں	یعنی	بغیر اعراب کے	کوئی اعراب نہیں
	نٍ۔منونہ	یعنی	دوزیر	والا۔نون

پانچواں اسم مَزْجَلٍ بروزن مَفْعَلٍ بفتح العین

5	مَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔میم
	زْ۔ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔زا
	جَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔جیم
	لٍ۔منونہ	یعنی	دوزیر	والا۔لام

چھٹا اسم بَزْجَلٍ بروزن مَفْعَلٍ

6	بَ۔موحدہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔با
	زْ۔ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔زا
	جَ۔مفتوحہ موحدہ	یعنی	زبر	والا۔جیم
	لٍ۔منونہ	یعنی	دوزیر	والا۔لام

ساتواں اسم تَرْقَبٍ بروزن تَفْعَلٍ۔

7	تَ۔ مثناۃ فوقیہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔تا
	رْ۔ ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔را
	قَ۔ مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔قاف
	بٍ۔ موحدہ منونہ	یعنی	دوزیر	والی۔یا

آٹھواں اسم بَرْھَشٍ بروزن تفعلٍ

8	بَ۔ موحدہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔با
	رْ۔ ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔را
	ھَ۔ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔ھا
	شٍ۔ معجمہ منونہ	یعنی	دوزیر	والا۔شین

نواں اسم غَلْمَشٍ بروزن تَفْعَلٍ

9	غَ۔ معجمہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔غین
	لْ۔ ساکنہ	یعنی	جزم	والا۔لام
	مَ۔ مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔میم
	شٍ۔ معجمہ منونہ	یعنی	دوزیر	والا۔شین

دسواں اسم خُوْطِیْرٍ بروزن فُوْعِیْلٍ

10	خُ۔ معجمہ مضمومہ	یعنی	پیش	والی۔خا
	وْ۔ ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔واو
	طِ۔ مہملہ مکسورہ	یعنی	زیر	والی۔طا
	یْ۔ مثناۃ تحتیہ ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔یا
	رٍ۔ منونہ	یعنی	دوزیر	والی۔را

گیارواں اسم قَلْنَھُوْدٍ بروزن حَضْرَمُوْت

11	قَ۔ مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔قاف
	لْ۔ ساکنہ	یعنی	جزم	والا۔لام
	نَ۔ مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔نون
	ھُ۔ مضمومہ	یعنی	پیش	والی۔ھا
	وْ۔ ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔واو
	دٍ۔ منونہ	یعنی	دوزیر	والی۔دال

بارہواں اسم بَرْشَانٍ بروزن رَحْمٰنٍ

12	بَ۔ موحدہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔با
	رْ۔ ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔را
	شَ۔ معجمہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔شین
	نٍ۔ منونہ	یعنی	دوزیر	والا۔نون

تیرہواں اسم کَظْھِیْرٍ بروزن تَکْرِیْمٍ

13	کَ۔ مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔کاف
	ظْ۔ مثناۃ ساکنہ	یعنی	جزم	والا۔ظا
	ھِ۔ مکسورہ	یعنی	زیر	والی۔ھا
	یْ۔ مثناۃ تحتیہ ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔یا
	رٍ۔ منونہ	یعنی	دوزیر	والی۔را

چودہواں اسم نَمُوْشَلْخٍ بروزن بَنُوْقَمْرٍ

14	نَ۔ مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔نون
	مُ۔ مضمومہ	یعنی	پیش	والا۔میم
	وْ۔ ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔واؤ
	شَ۔ معجمہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔شین
	لْ۔ ساکنہ	یعنی	جزم	والا۔لام
	خٍ۔ معجمہ منونہ	یعنی	دوزیر	والی۔خا

تربیت العاملین

خالد مقبول حفظہ اللہ

عوام، روحانی درسگاہ کے طالب علم اور عاملین مختلف علمی سوالات پوچھتے رہتے ہیں۔ ایسے سوالات، جن کے جواب سے دیگر عاملین کو بھی فائدہ ہوسکتا ہو، ایسے سوال جو فنِ عملیات سے متعلق ہوں، ان سب کے جوابات کو ''تربیت العاملین'' کے عنوان کے تحت یہاں جمع کیا گیا ہے تاکہ دیگر عاملین بھی مستفیض ہوں اور علمی اسرار و رموز سے آگاہی حاصل ہو۔

دورانِ چلہ کشی وضوٹوٹ جائے تو کیا کریں؟

سوال حضرت! بدھ سے سورۂ جن کا عمل ایک دربار پر صبح شروع کیا۔ پڑھتے وقت گیس وغیرہ سے وضوٹوٹتا محسوس ہوتا ہے۔ (1) ایک مرتبہ اُٹھ کر دوبارہ وضو کیا اور ایک (1) مرتبہ اسے وسوسہ جان کر نظر انداز کیا۔ کیا وضو ضروری ہوتا ہے؟ وضو والی جگہ چند قدم کے فاصلے پر ہے۔ اگر شک ہو تو وضو کر لیا جائے اٹھ کر یا عمل جاری رکھا جائے؟ کون سا طرزِ عمل بہتر ہے؟ (ی ، لاہور)

جواب محترم! آپ نے ایک بہت ہی اہم سوال کیا ہے۔ اگر دورانِ چلہ کشی وضوٹوٹ جائے تو ہر عمل میں وضو دوبارہ کرنا ضروری نہیں ہوتا۔ آپ چونکہ سورۂ جن کا چلّہ کر رہے ہیں، اس لیے اسی کے بارے میں بتاؤں گا۔

سورۂ جن ایک بڑے درجے کا نورانی عمل ہے۔ اس میں اگر وضوٹوٹ جائے تو دوبارہ وضو کرنا ضروری ہے۔

اگر شک ہو جائے تو بھی وضو کر لیا جائے۔ کیونکہ اگر وضو نہ ٹوٹا ہو اور دوبارہ وضو کر لیا جائے تو عمل میں معمولی نقص واقع ہوگا اور اگر وضوٹوٹا ہو اور نہ کیا جائے تو عمل ہی ختم ہو جائے گا۔

ایک اصول یاد رکھیں۔ مثال سے سمجھاتا ہوں۔ آپ نے چار (4) مرتبہ سورۂ جن مکمل پڑھی۔ پھر پانچویں بار پڑھنے کے دوران وضوٹوٹ گیا۔ اب آپ وضو کرنے جائیں۔ جب واپس آئیں تو پہلے گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر ایک (1) بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں۔ پھر سورۂ جن شروع کریں اور آغاز سے کریں۔ یہ غلطی نہ کریں کہ پانچویں بار جہاں چھوڑا تھا، وہیں سے شروع کریں۔ اس سے عمل خراب ہو جائے گا۔

کوشش کریں کہ اس مرض پر قابو پائیں۔ گیس کی بیماری کی وجہ سے بڑے درجے کی چلہ کشی میں اچھے درجے کی کامیابی ملنا ممکن نہیں۔

ایک بڑے چلّے کے فوراً بعد دوسرا بڑا چلّہ کرنا

سوال میرا سورۂ قریش کا چلّہ ختم ہوگیا ہے۔ میں اس کے فوراً بعد ''اللہ الصمد'' کا سوا لاکھ اکیس دن والا شروع کرنا چاہتا ہوں یا مندرہ اکتالیس بار والا۔ جمعرات سے ابتدا کرلوں؟ رہنمائی فرمائیں۔ (ف، لاہور)

جواب سورۂ قریش کا جو درجہ آپ نے کیا ہے، وہ چھوٹا درجہ نہیں۔ اور جب کوئی بڑے درجے کا عمل کیا جاتا ہے تو اس کے فوراً بعد کوئی بھی بڑا عمل جیسے ''اللہ الصمد کا سوا لاکھ'' شروع نہیں کرنا چاہیے۔ جب کوئی چلہ ختم ہوتا ہے تو اس کے اثرات عامل کے اندر سماتے ہیں۔ اس کی مخلوق نئی ہوتی ہے۔ فوراً بعد کوئی بڑا عمل شروع کرنے سے پچھلے چلّہ میں بھی خرابی ہوتی ہے اور نئے چلّہ میں بھی۔ بڑے چلّے کے بعد ناغہ کیا کریں۔ اگر چالیس (40) دن کا کیا ہے تو اختتام کے بعد اُس اسلامی مہینے میں مزید کوئی عمل نہ کریں۔ نئے چاند سے کر سکتے ہیں۔ اور اگر اکیس (21) دن کا کیا ہے تو پھر نئے چاند سے شروع نہ کریں، اس سے اگلے نئے چاند سے شروع کریں۔

یاد رہے کہ یہ اصول بڑے درجے کی چلّہ کشی کے لیے ہے۔

جنات کو پڑھ کر کسی کام کے لیے پیغام دینا

سوال استاد جی! آپ کو حالات کی اطلاع کرنی ہے۔ (بقیہ: ص 53)

اسمائے حسنیٰ کے خواص

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

السلام

یہ اسم مبارک ۱۳۱ اعداد رکھتا ہے۔ اگر ایک سو گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر کسی مریض پر پھونکیں تو اللہ تبارک اس کو صحت عطا فرماتا ہے اور اگر ۱۳۱۹ اسم مبارک کسی شرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلائیں تو وہ مہربان ہوجائے گا اور اگر اس کا ورد ہمیشہ جاری رکھے گا تو ہر قسم کا خوف پڑھنے والے کے دل سے دور ہوجاتا ہے۔

المومن

اس مبارک اسم کے اعداد ۱۳۶ ہیں۔ اگر کوئی شخص یہ مبارک اسم ہر روز کثرت سے ورد زبان رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کو شیطان کے شر سے محفوظ رکھتا ہے اور وہ ہر وقت خدا کے حفظ امن میں رہے گا اور عوام میں اس کی عزت ہوگی۔

المهیمن

اس مبارک اسم کے اعداد ۱۴۵ ہیں۔ جو شخص باوضو بعد نماز ہر روز کثرت سے اس کا ورد رکھے تو اللہ کریم اس کو لوگوں کے دلی بھیدوں سے آگاہ فرماتا ہے اور وہ تمام آفات سے محفوظ رہتا ہے اور سب کے دلوں میں عزیز ہوتا ہے۔

العزیز

یہ مبارک اسم ۹۴ عدد رکھتا ہے۔ اگر کوئی شخص بعد نماز فجر اکتالیس (41) بار ہمیشہ پڑھتا رہے تو اللہ کریم اس کی محتاجی دور کرتا ہے اور تم لوگوں میں عزت وقار کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ بعض بزرگوں سے مروی ہے کہ اگر کوئی شخص صبح کی سنت اور فرض کے درمیان وقفہ میں یہ اسم اکتالیس (41) یوم متواتر پڑھے تو بفضلِ تعالیٰ وہ دنیا اور عقبےٰ میں کسی کا محتاج نہ ہو۔

الجبار

اس مبارک اسم کے ۲۰۶ اعداد ہیں۔ جو شخص ہر روز اس کا ورد رکھے گا، بلند مرتبہ وصاحبِ عزت ہوگا۔ بعض بزرگوں کا قول ہے کہ اگر یہ اسم انگوٹھی کے نگینہ پر کندہ کرایا جائے اور وہ انگوٹھی پہن لی جائے تو وہ مخلوق میں باعزت رہے گا اور عوام پر اس کی ہیبت رہے گی۔

المتکبر

اس مبارک اسم کے ۶۶۲ عدد ہیں۔ اگر کوئی صاحب اپنی بیوی سے جماع کرنے سے قبل یہ اسم دس (10) بار پڑھے تو اللہ کریم اس کو فرزند عطا فرمائے گا اور کام کے شروع میں پڑھا جائے تو وہ کام بابرکت ہوگا اور بخیر وخوبی انجام پائے گا۔

الخالق

اس اسم کے ۷۳۱ اعداد ہیں۔ اگر یہ اسم شریف ہر روز ورد زبان رہے، سینہ وچہرہ منور ہوجائے اور اس کے ہر کام میں استقامت ہو۔ حضرت شاہ عبدالرحمٰن صاحب نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم مبارک کو رات کے وقت کثرت سے پڑھے تو اللہ کے فضل وکرم سے اس کا دل صاف ہو اور اس کے تمام کام بخیر وخوبی انجام پذیر ہوں گے۔

الوہاب

اس اسم کے ۱۴ اعداد ہیں۔ اگر کسی کو روزی روزگار میں تنگی ہو تو وہ ہر روز اس کا ورد کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کو مالی امداد عطا فرمائے گا اور اگر کوئی خاص حاجت پیش آجائے تو بعد نصف شب کے اپنے گھر کے صحن یا مسجد میں تین (3) بار سجدہ کرے اور دونوں ہاتھ اٹھا کر ایک سو (100) دفعہ یہ اسم مبارک پڑھے، اللہ کریم اس کی حاجت پوری کر دے گا۔ فراخی رزق کے واسطے چاشت کے وقت چار (4) رکعات نماز پڑھے اور بعد سلام کے سجدہ میں ایک سو چار (104) دفعہ یہی اسم مبارک پڑھے۔ حضرت مولانا شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی بروز بدھ بعد غسل اور وضو سے دو (2) رکعت نماز ادا کرے اور سلام کے بعد ایک ہزار (1000) بار یہی اسم مبارک پڑھے تو اللہ کریم اس کو غنی کردے گا اور ایسے اسباب مہیا ہوں گے کہ وہ حیران ہوجائے گا۔

فضیلت وخواص سورۂ حدید

حضرت مولانا اعجاز احمد خاں مدظلہٗ (کراچی)

فضیلت سورۂ حدید

پانچ سورتوں کو حدیث شریف میں مُسَبِّحَات سے تعبیر کیا گیا ہے جن کے شروع میں سَبَّحَ یا یُسَبِّحُ آیا ہے۔ ان میں سے پہلی سورت حدید ہے، دوسری حشر، تیسری صف، چوتھی جمعہ، پانچویں تغابن۔

رسول اللہ ﷺ رات کو سونے سے پہلے یہ مسبحات پڑھا کرتے تھے۔ (ابوداؤد، ترمذی، نسائی، بروایت حضرت عرباض بن ساریہؓ)

رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ان (مسبحات) میں ایک ایسی آیت ہے جو ہزار آیتوں سے افضل ہے۔ ابن کثیر نے یہ روایت نقل کرنے کے بعد فرمایا کہ وہ افضل آیت سورۂ حدید کی یہ آیت ہے۔

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۳ (الحدید:۳)

خواص سورۂ حدید

❶ سورۂ حدید کو اکیس (21) روز تک روزانہ تین سو تیرہ (313) بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مرگی کے مریض کو وہ پانی پلائے تو مرگی کا مرض جاتا رہے۔ اسی طرح کوئی شخص گم ہو گیا اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو سورۂ حدید باوضو تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھ کر گم شدہ کی بازیابی (لوٹ آنے) کی دعا کرے۔ عمل کے اول وآخر گیارہ گیارہ (11،11) مرتبہ درود شریف پڑھے۔ یہ عمل چند آدمی مل کر کر لیں یا گھر کے سب افراد مل کر پڑھ لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

❷ ہر قسم کے مرض سے شفاء کے لئے باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے سفید کاغذ پر سورۂ حدید لکھے اور مریض کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈال دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام امراض ختم ہو جائیں گے اور وہ صحت یاب ہو جائے گا۔

❸ جو بچہ تین چار برس کا ہو گیا ہو اور بولتا نہ ہو، گونگا ہو، اس کے لئے اکیس (21) روز تک روزانہ باوضو (1) ایک مرتبہ سورۂ حدید کسی بھی وقت پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا، خدا تعالیٰ کے فضل سے زبان عطا کرتا ہے۔ اس عمل سے ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ بولنے لگے گا۔

❹ جس شخص کو رات کو سوتے ہوئے ڈر لگتا ہو، وہ شخص بعد نمازِ عشاء باوضو سونے سے پہلے ایک (1) مرتبہ سورۂ حدید پڑھ لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رات کو آرام سے سوئے گا اور کوئی اور خوف اسے محسوس نہ ہوگا۔

❺ اگر کوئی بچہ یا بچی انتہائی شریر ہو اور اپنی شرارتوں سے تمام گھر اور اہل محلہ کو پریشان کرتا ہو تو سورۂ حدید کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور اس بچے کو پانی سے دھو کر وہ پانی پلائے۔ یہ عمل سات (7) دن تک کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ نیک، صالح اور شریف فطرت بن جائے گا۔

❻ اگر کوئی شخص کسی مقدمہ بازی میں پھنس گیا ہو تو (چند آدمی مل کر) باوضو سورۂ حدید کو روزانہ سات ہزار (7000) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کمزور مقدمہ میں جان پیدا ہوگی اور ہارا ہوا مقدمہ جیت جائیں گے۔ یہ عمل مجرب ہے۔

نقش سورۂ الحدید

اگر کوئی شخص چاہے کہ دشمن کی دشمنی دوستی میں بدل جائے تو سورۂ حدید کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمنی دوستی میں بدل جائے گی۔

سورۃ الحدید کے کل اعداد ۱۹۸۹۲۴ ہیں اور نقش یہ ہے:

۷۸۶

۶۶۳۰۹	۶۶۳۰۴	۶۶۳۱۱
۶۶۳۱۰	۶۶۳۰۸	۶۶۳۰۶
۶۶۳۰۵	۶۶۳۱۲	۶۶۳۰۷

اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اعمال

قیصرہ حیات

سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱ روزانہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد ایک ایک (100) سو مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرنے سے دل نیکی کی طرف راغب ہوگا اور برائی سے چھٹکارا مل جائے گا۔

۲ جو کوئی غربت و مفلسی کا شکار ہو، وہ روزانہ بلا ناغہ باوضو حالت میں چار سو (400) مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھ کر دعا مانگے تو وہ غنی ہو جائے گا۔

سَیِّدُنَا اَحْمَدُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱ باوضو حالت میں ایک سو (100) مرتبہ یہ اسم پاک پڑھنے سے ذہنی پریشانی دور ہو جائے گی۔ جو شخص ہر روز ایک سو (100) مرتبہ پڑھے تو خلقت اس کی مطیع ہو جائے گی۔

۲ باوضو حالت میں تین سو (300) مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھ کر بارگاہِ ایزدی میں دعا مانگنے کے بعد جس کے پاس کسی کام کی غرض سے جائے، وہ کام ہو جائے گا۔

سَیِّدُنَا حَامِدٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱ روزانہ ایک سو (100) مرتبہ باوضو حالت میں اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا لوگوں کی نگاہوں میں معزز ہوگا۔

۲ ہر نماز کے بعد بکثرت اس اسم پاک کو پڑھنے والے کے رزق میں خوب خیر و برکت ہوگی اور کاروباری پریشانیاں دور ہوں گی۔ اس کا پڑھنے والا ہمیشہ خوش رہتا اور قیامت کے دن تعریف کرنے والوں میں اس کا حشر ہوگا۔

سَیِّدُنَا مَحْمُودٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱ روزانہ باوضو حالت میں چالیس (40) مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے والا بہت جلد دولتمند ہو جائے گا۔

۲ روزانہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد ایک سو چالیس (140) مرتبہ پڑھنے سے ہر دعا پوری ہوگی اور چند دنوں میں حاجت پوری ہو جائے گی۔

سَیِّدُنَا قَاسِمٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱ روزانہ باوضو حالت میں دس (10) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھنے سے طالب علم کو پڑھنے کا شوق پیدا ہوگا۔ ذہن و حافظہ تیز ہوگا اور علم کی دولت سے مالا مال ہوگا۔

۲ ہر نماز کے بعد اس اسم پاک کا ورد کرنے سے اپنے مقصد کی کامیابی کیلئے دعا مانگے تو وہ دعا ضرور پوری ہوگی۔

سَیِّدُنَا عَاقِبٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱ روزانہ ایک سو (100) مرتبہ باوضو حالت میں چالیس (40) یوم تک بلا ناغہ اس اسم مبارک کا ورد کرنے سے حاجت پوری ہوگی۔

۲ روزانہ نماز فجر کے بعد ایک سو تہتر (173) مرتبہ پڑھنے والا معزز و مشہور اور مالدار ہو جائے گا اور اس کی ہر دعا پوری ہوگی۔

سَیِّدُنَا فَاتِحٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱ چار سو اناسی (479) مرتبہ سات (7) یوم تک بلا ناغہ ہر نماز کے بعد پڑھنے سے دشمن مغلوب ہوگا اور وہ صلح پر آمادہ ہو جائے گا۔

۲ رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں بکثرت پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی قربت نصیب ہوگی اور اس پر مخفی راز کھل جائیں گے۔

سَیِّدُنَا شَاهِدٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱ تین سو انیس (319) مرتبہ روزانہ اس اسم پاک کا ورد کرنے والا لوگوں میں مقبول ہوگا اور عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

۲ جو کوئی اس بات کا خواہشمند ہو کہ اس کی قوت مشاہدہ و مکاشفہ تیز ہو تو وہ کثرت سے اس اسم پاک کا ورد کرے۔

۳ اگر کوئی کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث ہو اور گواہوں کے بدلنے کا خطرہ ہو تو تین سو انیس (319) مرتبہ اس اسم مبارک کو کسی میٹھی چیز پر دم کر کے انہیں کھلا دے تو وہ اپنی گواہی نہ بدلیں گے۔

چھپے چھپائے تعویذات

روحانی دکان میں مختلف قسم کے چھپے ہوئے تعویذات دستیاب ہیں جو روحانی علاج میں استعمال ہوتے ہیں۔ آج کل وقت کی شدید کمی کی وجہ سے زیادہ تعویذات لکھنا ممکن نہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کے ہاتھ سے لکھے ہوئے تعویذات کی تاثیر، چھپے ہوئے تعویذات سے زیادہ ہوتی ہے۔ اس لئے عاملین چھپے ہوئے تعویذات پر اپنا عمل پڑھ کر دم کر دیتے ہیں تا کہ ان میں بھی تاثیر بڑھ جائے۔ کچھ تعویذات بغیر دم ہی استعمال کیے جاتے ہیں۔ درج ذیل ہے

1 قرآنی سورتیں 2 قرآنی آیات 3 قرآنی سورتیں اور آیات
4 اسماء الحسنیٰ 5 درود شریف 6 نورانی 7 بزرگانِ دین
8 نقوش 9 فلیتے/بتیاں 10 لعینوں کے نام 11 خالی خانے
12 متفرق

عاملین کو زیادہ تعویذات منگوانے پر خصوصی رعایت کی جاتی ہے۔

روحانی درسگاہ کے اعمال کی کاپیوں کے پرنٹڈ تعویذات

روحانی درسگاہ میں سکھائے جانے والے چند اعمال، جن کی کاپیاں ساتھ دی جاتی ہیں، کے تعویذات دستیاب ہیں۔

1 سات سلام اور چہل کاف کی (بنیادی کاپی، ماہر کاپی، ماہر جدید کاپی) کے تعویذات 2 امنت باللہ کا خاص عمل (بنیادی کاپی و ماہر کاپی) کے تعویذات 3 ہانڈی کی کاپی (اول و دوم) 4 خزینہ مجربات کی بیاض کے تعویذات 5 حب کی خاص بیاض کے تعویذات 6 منزل 7 حصار قرآنی کبیر 8 عمل شفائے امراض

عاملین کو زیادہ تعویذات منگوانے پر خصوصی رعایت کی جاتی ہے۔

نوٹ: جو تعویذات لکھ کر پلانے یا چھڑکنے والے ہوتے ہیں وہ چھاپے نہیں جاتے۔ وہ آرڈر پر لکھ کر دیئے جاتے ہیں۔ درج بالا تعویذات روحانی درسگاہ سے اجازت یافتہ کو ہی دیے جائیں گے۔

سیل سیل سیل

جواھراتی تسبیحات پر 40% خصوصی ڈسکاؤنٹ

پتھر	دانے	قیمت	رعایتی قیمت
فیروزہ/عقیق	33 دانہ باریک	375	225
فیروزہ/مرجان/عقیق	33 دانہ میڈیم	500	300
عقیق	33 دانہ میڈیم	550	330
ٹائیگر	33 دانہ میڈیم	700	420
سن سٹار	33 دانہ میڈیم	500	300
فیروزہ/مرجان/عقیق	100 دانہ میڈیم	800	480
فیروزہ/عقیق	100 دانہ باریک	500	300
سن سٹار	100 دانہ میڈیم	850	510
فیروزہ/عقیق	33 دانہ موٹا	1000	600
فیروزہ/عقیق	33 دانہ فل موٹا	1200	720

کوئی رعایت نہیں ہدیہ: 3000 روپے رعایتی ہدیہ: 2500 کوئی وعدہ نہیں

چاندی سے بنی ہوئی

حروفِ مقطعات کی خاص روحانی انگوٹھی

یہ انگوٹھی بہت سے فوائد کی حامل ہے، یہاں چند ایک بیان کیے گئے ہیں:

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ 1997ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ (5) قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

درود ابراھیمی (عوام کے لئے): بنیادی درود شریف جس کا عامل بننے سے بہت ساری برکتیں حاصل ہوتی ہیں اور عامل بننے کے بعد جس عمل کے شروع اور آخر میں پڑھیں گے، اس کی تاثیر زیادہ ہوگی۔

دعائے حزب النصر (خزینہ روحانیات کے ممبران کے لئے): قطبِ کبیر ولی کامل حضرت ابوالحسن شاذلی نور اللہ مرقدہ کے سلسلے کی خاص دعا، جو ہر قسم کے دشمن سے حفاظت کے لئے انتہائی مجرب ہے۔ دشمن چاہے ظاہری ہو یا باطنی جیسے شیاطین، جنات، آسیب وغیرہ۔ اس دعا کی برکت سے دشمن اپنی چالوں میں خود ہی پھنس جاتا ہے اور اس کی چالیں اس پر الٹی پڑتی ہیں۔

قصیدہ حسنیٰ (علماء اکرام کے لئے): اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر مشتمل ولی کامل حضرت مولانا شیخ موسیٰ صاحب روحانی بازی نور اللہ مرقدہ کا عمل۔ ہر مشکل کا حل اور ہر حاجت کے لیے مجرب۔

نظر بد ختم کرنے کا عمل (خواتین کے لئے): اس عمل کو کرنے کے بعد ہر قسم کی نظر بد اتارنے میں آسانی ہوتی ہے۔ اور کم وقت میں نظر بد اتر جاتی ہے۔

محبت کی عظیم آیت کا عمل (روحانی درس گاہ کے طالب علم): شوہر بیوی پر توجہ نہ دیتا ہو، حقوق واجبہ ادا نہ کرتا ہو، زبان درازی کرتا ہو، گالی دیتا ہو، مار پیٹ کرتا ہو، گھر سے نکال دیا ہو۔ بیوی زبان درازی کرتی ہو، محبت نہ کرتی ہو، توجہ نہ دیتی ہو، روٹھ کر میکے چلی گئی ہو، اولاد نافرمان ہو، آپس میں جھگڑتے ہوں، ان سب کے لئے مجرب عمل۔

روحانی درسگاہ
0309-7772775 | 042-35410586 | ruhanidarsgah
0333-7772775 | ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah | ruhanidarsgah@gmail.com

مفت روحانی خدمات برائے جنوری 2023

رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے ارسال کریں۔ ایک کوپن ایک فرد کے لیے۔ شرائط پر پورا نہ اترنے والوں سے معذرت۔

جادو سے نجات

ایسا جادو، جس کا اثر جسم کے کسی بھی حصے پر ہو، اس جادو سے نجات کے لیے گیارہ (11) یوم پر مشتمل تعویذات کا علاج۔

درخواست منظور کروانا

اگر کوئی اہم درخواست منظور کروانی ہو اور جائز کام ہو تو اس خاص عمل سے درخواست منظور ہوگی، ان شاء اللہ۔

جنات سے نجات کا خاص تعویذ

ہر طرح کے آسیبی و جناتی اثرات سے نجات کے لیے۔

جادو اور جنات سے حفاظت

ہر طرح کے جادو اور جنات سے حفاظت کے لیے ایک خاص عمل۔

میاں بیوی میں ناراضگی ختم ہو

زوجین میں کسی بھی وجہ سے ناراضگی ہو، بازو پر باندھنے کے اس تعویذ کو استعمال کرنے سے ناچاقی، ناراضگی، اختلاف وغیرہ ختم ہوگا۔

گھر سے اثراتِ بد اور بے برکتی ختم ہو

گھر سے ہر طرح کے اثرات بد اور بے برکتی ختم کرنے کے لیے گھر میں پانی چھڑکنے کا خاص عمل۔

ظالم سے نجات

ظالم کسی طرح کا ہو، اس سے نجات کا خاص وظیفہ۔

روحانی علاج گاہ
0342-7772772 | 042-35410586 | ruhaniilajgah
0324-7772772 | ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah | ruhaniilajgah@gmail.com

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

پاکستان سے بیرونِ ملک میں مقیم فیملی پر جادو

سوال میں اپنی فیملی کے ساتھ کینیڈا میں رہتا ہوں۔ میرا تعلق پاکستان سے ہے۔ وہاں میرے گھر پر اکثر جادو ہوا کرتا تھا۔ پھر شادی ہوئی۔ میری بیوی کا حمل ضائع ہوا اور وہ بھی جادو کی وجہ سے۔ اس کی تحقیق کروائی اور سب نے یہی بتایا۔ حمل ضائع ہونے سے پہلے ایک خوفناک خواب بھی نظر آیا جس کے آخر میں بیوی نے دیکھا کہ وہ لیٹی ہوئی ہے اور بستر میں خون ہی خون ہے۔ اس کے چند دن بعد ہی حمل ضائع ہو گیا۔

پھر میں بیوی کے ساتھ پاکستان سے باہر چلا گیا۔ کافی عرصہ تک کچھ نہیں ہوا۔ پچھلے ایک ماہ سے بیوی کے کندھوں میں درد نہیں ختم ہو رہا۔ دوائیوں سے آرام نہیں آرہا۔ ہمارا آپس کا ازدواجی تعلق بھی بہت خراب ہو گیا ہے۔ میں نے کچھ دوائیاں استعمال بھی کیں لیکن فرق نہیں پڑا۔

پاکستان والے گھر میں پچھلے ایک ماہ سے کچھ عجیب حرکتیں ہو رہی ہیں۔ گوشت کی بوٹیاں گری ہوتی ہیں، ہڈیاں ملتی ہیں، بلیوں کا بہت زیادہ آنا جانا ہے۔ والد صاحب کے کپڑوں پر دو بار خون کی چھینٹیں پڑی۔ والدہ کو بھی خواب میں وہ خاتون نظر آئی جس پر شک نہیں، یقین ہے کہ وہ جادو کرواتی ہے۔ مہربانی فرما کر رہنمائی فرمائیں۔ (ن، پوشیدہ)

جواب محترم! یہ سارا ماجرا جادو کی کارستانی ہے۔ اور پاکستان سے ہی جادو کروایا جا رہا ہے۔ چونکہ آپ کا پاکستان والا گھر جادو کا مرکز ہے یعنی بہت عرصہ سے آپ لوگوں پر اسی گھر میں جادو کروایا گیا۔ اس لیے اُس گھر میں بہت زیادہ اثر ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ جادو کے اثرات وہاں ظاہر ہوئے اور پھر وہ آپ کی طرف بھی آ گئے۔ یہ معاملہ اتنا آسان نہیں ہے۔ اب آپ بیرون ملک ہیں۔ اس لیے علاج بھی تھوڑا مشکل ہو گا کیونکہ جادو سخت ہے۔ میرا مشورہ ہے کہ ہمارے ادارے کے روحانی معالجین میں سے کسی سے رابطہ کر کے آپ ان سے بات کر لیں اور وہ آپ اور آپ کے پاکستان والے گھر میں ہونے والے جادو کی کاٹ کریں۔ اور آپ لوگ اپنی حفاظت کا خاص خیال رکھیں۔ حفاظت میں غفلت ہی جادو کو آگے آنے کا راستہ دیتی ہے اور یہ غفلت 99% مریض کرتے ہیں۔ علاج میں تو کسی حد تک پابندی کرتے ہیں مگر حفاظت میں غفلت ضرور کرتے ہیں۔ جادو تو تیار ہوتا ہے کہ کب غفلت کریں اور اسی وقت مریض پر حملہ کیا جائے۔

اگر ممکن ہو کہ آپ کے پاکستان والے گھر میں عمل کروایا جا سکے تو ادھر ضرور روحانی صفائی کا عمل کروائیں۔ وہاں سے جادو ختم ہوا تو پھر آپ لوگوں کو بھی بہت فرق محسوس ہو گا۔

جناتی اثرات کی وجہ سے دماغ متاثر

سوال آج کل عجیب سی کیفیت ہو گئی ہے۔ تقریباً ایک ڈیڑھ ماہ ہو گیا ہے اپنے شوہر کی طرف کوئی کشش نہیں ہے۔ وہ بات کرتے ہیں یا بلاتے ہیں تو دل ہی نہیں کرتا کہ ان کے پاس جاؤں یا بات کروں۔ ہمارے درمیان کافی لڑائیاں بھی ہوئی مگر ایسا کبھی نہیں ہوا۔ جب سے پرانے گھر میں واپس آئے ہیں، تب سے یہ محسوس کر رہی ہوں۔ سورۂ مزمل میں روزانہ پڑھتی تھی مگر پچھلے تین چار دن سے بالکل دل نہیں کر رہا کہ پڑھوں۔ مہربانی کر کے رہنمائی فرمائیں۔ (ن ش، لاہور)

جواب آپ کے اوپر جناتی اثرات ہیں۔ اور وہ اثرات دماغ والے حصے پر ہیں۔ باقی جسم پر کوئی اثرات نہیں ہیں۔ اسی وجہ سے شوہر والا معاملہ ہو رہا ہے۔ آپ کو نیلی لال بتیاں اور ل ش ک کے تعویذات بھیجے جا رہے ہیں۔ آپ نے تین (3) دن ہر نماز کے بعد پندرہ سے تیس سیکنڈ نیلی لال بتی کو جلا کر پھر بجھا کر دھواں سونگھنا ہے اور تین (3) دن لگاتار ل ش ک کے تعویذ سے باتھ روم میں نہانا ہے۔ ان شاء اللہ، تین (3) دن میں یہ کیفیت دور ہو جائے گی۔ سورۂ

مزمل پڑھنا جاری رکھیں۔

گھر میں جنات کی موجودگی

سوال میرے کاموں میں بہت زیادہ رکاوٹیں پیش آ رہی ہیں۔ گھر میں بھی عجیب سا خوف محسوس ہوتا ہے۔ اب تو کسی کی موجودگی کا احساس بھی شدت سے ہونے لگا ہے۔ ایک دو بار تو کوئی بڑا سا کالے رنگ کا آدمی بھی نظر آیا ہے۔ میں تو ڈر کے مارے کمرے میں ہی بند ہوگئی اور صبح ہی باہر نکلی۔ آپ سے کئی سال پہلے بھی علاج کروایا تھا اور اس کے بعد کئی سالوں تک سکون رہا۔ اب پچھلے دو تین ماہ سے پریشانیاں دوبارہ شروع ہوگئی ہیں۔ میری مدد فرمائیں۔ (ش، لاہور)

جواب آپ کے گھر پر جنات کا مسئلہ ہے، جادو کا کوئی معاملہ نہیں ہے۔ جنات کے صرف اثرات نہیں بلکہ ان کی موجودگی ہے۔ اور موجودگی کی صورت میں کوئی بھی روحانی علاج جو رہائشی لوگ خود کریں، وہ بہت نقصان دہ ہوسکتا ہے۔ ایسے حالات میں بہتر یہی ہے کہ آپ ہمارے ادارے کے روحانی معالجین سے رابطہ کریں اور علاج کروائیں۔ اس میں اگرچہ خرچہ ہوتا ہے مگر یہی محفوظ طریقہ ہے۔ آپ لاہور سے ہیں، اس لیے پہلے ایک بار کسی ایک روحانی معالج کو گھر بلا کر گھر دکھا دیں۔ وہ روحانی طور پر سارا معاملہ دیکھ لیں گے اور جو مخلوق ہوگی، ان سے بات چیت بھی کرلیں گے۔ اس کے بعد ہی صحیح لائحہ عمل مرتب کیا جاسکتا ہے۔

آپ لوگوں کے لیے صرف اتنا ہی عرض کروں گا کہ سب لوگ حفاظتی اعمال کی پابندی کریں۔ نماز کی پابندی کریں۔ گھر میں اونچی آواز سے میوزک یا فلمیں وغیرہ ہرگز نہ لگائیں۔ بہتر تو یہی ہے کہ ان سے بالکل اجتناب کیا جائے مگر ہر گھر والا اس پر عمل نہیں کرتا۔ جو نہ کرے، اس سے صرف اتنا ہی کہہ دیں کہ آواز اُسی کے کانوں تک رہے۔

ہر نماز کے بعد اول و آخر ایک ایک (1،1) بار درود شریف اور ایک (1) بار آیت الکرسی اور ایک (1) بار چاروں قل پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے جسم پر پھیر لیا کریں۔ فجر و مغرب کے بعد یہی عمل ایک (1) کی بجائے تین (3) بار کریں اور رات کو سوتے وقت بھی تین (3) بار کر کے سوئیں۔

جنات کو گھر سے نکالنے اور باقاعدہ روحانی علاج کے لیے جیسے ہمارے ادارے کے روحانی معالج کہیں، ویسے ہی عمل کریں۔

کاروبار کی بندش

سوال میں کافی سالوں سے کاروبار کر رہا ہوں۔ بہت محنت کی مگر کاروبار میں ترقی نہیں ہو پاتی، الٹا نقصان ہو جاتا ہے۔ میں نے کئی لوگوں کو دکھایا بھی۔ سب نے اثرات بتائے۔ میں نے بہت علاج کروائے مگر حالات جوں کے توں ہیں۔ آپ سے درخواست ہے کہ میری مدد فرمائیں۔ اب عمر بھی کافی ہوگئی ہے اور فیملی کی بہت ذمہ داریاں بھی ہیں۔ (ا، بہاولپور)

جواب آپ کا مسئلہ بندش کا ہے اور بہت پرانی ہے۔ آپ کا کیس کافی خراب ہو چکا ہے اور اس کی وجہ بہت زیادہ علاج کروانا ہے۔ علاج کو وقت دیا کریں۔ آپ نے کوئی بھی علاج مکمل نہیں کیا۔ فائدہ نظر نہ آیا تو آپ نے علاج چھوڑ کر دوسری طرف رجوع کر لیا جو ایک بہت بڑی غلطی ہے اور بہت لوگ یہ غلطی کرتے ہیں۔

یاد رکھیں کہ جب بھی کوئی علاج کریں، شروع ہی سے توقع نہ رکھیں کہ سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔ اثرات فوری نہیں آتے، اس طرح فوری جاتے بھی نہیں۔ ہر علاج میں وقت لگتا ہے۔

چودہ (14) تعویذ ہیں۔ روزانہ رات کو کسی بوتل میں ایک (1) تعویذ ڈال کر رکھ دیں۔ صبح جب دکان کھولیں تو ان تعویذ کا پانی دکان کے فرش پر اور چاروں کونوں پر چھڑکیں اور پھر دکان سے باہر فرش پر چھڑکیں۔ بچا ہوا پانی رات کو جب دکان بند کریں، تو اسی طرح چھڑکیں۔ پھر تعویذ کو پانی سے نکال کر مٹی میں دبا دیں اور دوسرا تعویذ نیا پانی لے کر بھگو دیں اور اسی طرح چودہ (14) دن تک عمل کریں۔ ان شاء اللہ، کافی فرق پڑ جائے گا۔

نماز کی پابندی کریں اور جتنا ممکن ہو، گناہوں سے دور رہیں۔ گناہ رزق کی کمی کی بہت بڑی وجہ ہے۔

روزانہ کچھ نہ کچھ صدقہ دینے کا اہتمام کریں۔

روحانی مراتب کا حصول

زاہد اقبال قیصرانی نقشبندی (تونسہ شریف)

روحانی مراتب کے حصول کے لیے یہ نقطہ مدنظر رکھنا چاہیے کہ روحانیت کیا ہے۔ اس کو اللہ تعالیٰ نے کتنی وسعت دی ہے۔ انسان کو یہ کیسے حاصل ہوتی ہے۔ اور اس کو حاصل کرنے کے لیے کن کن دروازوں سے گزر کر فیضانِ الٰہی کا حصول کیسے ممکن ہوتا ہے۔ روحانیت کے حصول کے لیے جن شرائط سے اللہ والوں نے پردہ اُٹھایا ہے ان پر عمل درآمد گر کرنا ممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ موجودہ دور میں انسان کی اللہ تعالیٰ کے احکامات سے دوری کو دیکھا جائے تو گمراہی اور موجودہ حال کو بہ نظر غائر اگر دیکھا جائے، روحانی امور میں ترقی محض لطف الٰہی کا نتیجہ ہے۔ جو کسی نہ کسی طور اتفاق یا دانستہ کچھ نہ کچھ نفلی عبادت، مصائب کے رفع کے لیے ورد وظائف، پانچ وقت کی نماز کی ادائیگی، محبت شیخ، تلاوت قرآن پاک، ذکر اسم ذات یا کلمہ طیبہ کے ورد سے حاصل ہو جاتی ہے۔ اکثر اوقات اوسط درجہ کے روحانی درجات اوراد و وظائف کے ورد اور صدقہ دینے سے حاصل ہو جاتے ہیں۔

معزز سامعین! میرا آج اس منعقدہ کنونشن میں موضوع ہے۔

روحانی مراتب کا حصول

روحانیات میں مقامات کی بلندی کا دارومدار بھی کسی حد تک وظائف پر ہے۔ تو ایک وظیفہ سامعین و ناظرین کی نذر کرتا ہوں یَا اِلٰهَ الْاٰلِهَةِ الرَّفِیْعُ جَلَالَهٗ

1. حضور قلب کے ساتھ قبلہ رو بیٹھ جائیں۔
2. اپنے مقصد کا تصور کافی ہے زبان سے کہنے کی ضرورت نہ ہے، تصور کافی ہے۔
3. جن عاملین کا قلب ذاکر ہو ان پر بہت قلیل مدت میں علم و حکمت کے پوشیدہ علوم منکشف ہوتے ہیں، ذکر لسانی سے بھی روحانیت کے جلوے نظر آتے ہیں۔
4. خوشبو اور اگربتی کا استعمال ضرور کریں، لہسن، کچا پیاز، گوشت، اچار سے پرہیز ضرور کریں۔

■ عاملین کے لیے روحانی مراتب کے حصول کے لیے تقویٰ، طہارت/ ریاضت انتہائی ضروری ہیں، الفاظ میں بڑی قوت ہے، مختلف آیات، کلمات سے نیت کے مطابق ہی فیض پہنچتا ہے۔

☆ اگر عامل ہمیشہ عزت و سرخروئی کا خواہشمند ہو تو جمعرات ساعت زہرہ سے یا اتوار کے روز ساعت عطارد سے شروع کر کے چالیس (40) دن 1001 مرتبہ پڑھ کر آیت مذکور کی دعوت کرے، بعدہ روزانہ ایک (1) تسبیح ورد میں رکھیں عامل آہستہ آہستہ عوام الناس میں مقبول ہوتا چلا جائے گا، عروج حاصل ہوگا، برکات کا لامتناہی سلسلہ محسوس ہوگا، ایسا محسوس ہوگا کہ کوئی غیبی قوت ساتھ موجود ہے۔

☆ اگر عامل روحانی مراتب میں بام عروج حاصل کرنا چاہے تو اس آیت کو خوشبو جلا کر پڑھائی کیا کرے، تو نزدیک میں موجود ارواح عامل کی اس کی روحانی استعداد کے مطابق فیض پہنچائیں گی، یہ فیض عامل کی قوت استعداد کے مطابق پہنچے گا۔ لیکن ارواح اور دیگر غیبی طاقتوں سے اُنس پیدا ہونا یقینی ہے۔ یہ عامل کی اپنی صوابدید پر منحصر ہے کہ عامل ارواح اور دیگر غیبی طاقتوں سے مستفید ہونے کی کتنی صلاحیت رکھتا ہے اور وہ کتنی مضبوط قوت ارادی سے نظر، خیال اور دل کو مقصود پر لگا سکتا ہے۔

☆ اگر عامل روزانہ 154 مرتبہ ورد میں رکھے تو تسخیر خلق حاصل ہوگی، مال و دولت کا حصول یقینی ہوگا۔ اگر معاشرہ میں کوئی مقام نہ ہو یا سول سوسائٹی میں اپنا مقام کھو چکا ہو اور معاشرہ میں عزت، شہرت، اہمیت حاصل کرنے کا خواہشمند ہو تو روزانہ 2500 مرتبہ ورد کریں، یہ ورد تا حیات کرنا ہوگا۔ عزت، شہرت، جلالت اس کے چہرے پر پیدا ہوگی، مرتبہ بلند اور تمام معاملات میں عروج حاصل ہوگا۔ مسلسل ورد کرنے والے کی پیشانی پر رحمت و حشمت کے آثار پیدا ہوں گے، ورد کنندہ کو اپنی حیثیت کے مطابق اگر اہم مقام حاصل کرنے کی خواہش ہوگی تو ان شاء اللہ ضرور پوری ہوگی۔

☆ 1400 مرتبہ پڑھ کر ثواب معصومین کو بخش دیں، معصومین کی طرف سے فیض جاری ہو جائے گا۔ کسی ولی اللہ کے مزار پر پڑھ کر ثواب صاحب مزار کو ہدیہ کریں، صاحب مزار کی طرف سے فیض جاری ہو جائے گا۔

حفاظت کے مسنون اعمال

الشیخ الامام جلال الدین حفظہ اللہ

موت کے علاوہ ہر چیز سے امن وامان کا حاصل ہونا

حضرت انس ؓ فرماتے ہیں کہ:

اِذَا وَضَعْتَ جَنْبَكَ عَلَى الْفِرَاشِ وَقَرَاْتَ: فَاتِحَةَ الْكِتَابِ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، فَقَدْ اَمِنْتَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ اِلَّا الْمَوْتَ۔

ترجمہ:......''چار پائی پر لیٹتے ہوئے جب آپ نے سورۂ فاتحہ اور قل ھو احد پڑھا تو آپ موت کے علاوہ ہر چیز سے مامون ہو گئے۔''

پوری رات حفاظت

حضرت ابو ہریرہ ؓ سے مروی ہے کہ جس شخص نے شام کے وقت پوری سورۃ الدخان اور سورۂ غافر کی اول سے الیہ المصیر تک اور آیۃ الکرسی پڑھی تو وہ پوری رات محفوظ رہتا ہے اور جس شخص نے صبح کو پڑھی تو وہ رات تک محفوظ رہتا ہے۔ (دارمی)

پانی میں غرق ہونے سے حفاظت کی دعا

حضرت حسن بن علی ؓ رسول اللہ ﷺ سے نقل فرماتے ہیں کہ میری امت غرق ہونے سے بچنے کے لئے کشتی میں سوار ہو کر یہ دعا پڑھے۔ (ابن سنی)

1......وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۴۱ (ھود:۴۱)

ترجمہ:......''(نوح ؑ نے) کہا کہ خدا کا نام لے کر چلنا اور ٹھہرنا (ہے) اس میں سوار ہو جاؤ۔ بیشک میرا پروردگار بخشنے والا مہربان ہے۔''

2......وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ ۢ بِيَمِيْنِهٖ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۶۷ (الزمر:۶۷)

ترجمہ:......''اور انہوں نے خدا کی قدر شناسی جیسی کرنی چاہیے تھی، نہیں کی۔ اور قیامت کے دن تمام زمین اس کی مٹھی میں ہوگی اور آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوں گے (اور) وہ ان لوگوں کے شرک سے پاک اور عالی شان ہے۔''

سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کی خصوصیات

حضرت عائشہ ؓ فرماتی ہیں کہ نبی ﷺ ہر رات جب اپنی چار پائی پر آتے تو آپ ﷺ اپنے دونوں ہاتھوں کو جمع فرماتے۔ پھر تھوڑا تھوڑا تھوک ملا ہوا پھونک اپنے ہاتھوں پر پھونکتے اور یہ سورتیں پڑھتے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝۳ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝۱ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝۲ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝۳ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝۴ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ مَلِكِ النَّاسِ ۝۲ اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝۴ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝۵ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝۶

پھر جتنا ہو سکتا، اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے بدن پر پھیر لیتے۔ سب سے پہلے سر سے شروع کرتے، پھر چہرے پر، پھر جسم کے اگلے حصے پر اور آپ ﷺ یہ عمل تین (3) مرتبہ دہراتے تھے۔ (بخاری)

2......اسی طرح اہل السنن نے حضرت عقیل ؓ سے نقل کیا ہے کہ: وَفِي الْمُعَوِّذَتَيْنِ الْاِسْتِعَاذَةُ مِنْ كُلِّ مُكْرِهٍ جُمْلَةً وَتَفْصِيْلًا

''معوذتین میں ہر ناگوار چیز سے تفصیلاً بچاؤ موجود ہے۔''

3......حضرت ابن مسعود ؓ سے مروی ہے کہ:

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَكْرَهُ الرُّقِيَّ اِلَّا بِالْمُعَوِّذَاتِ۔

(بقیہ: ص 46)

دشمنوں کو تباہ و برباد کرنے اور سزا دینے کا خاص عمل

ملازم حسین (اسلام آباد)

آج کل کے دور میں حسد اور جلن عام ہوگئی ہے اور کسی بھی شخص کی جان اور عزت محفوظ نہیں ہے۔ لوگ خواہ مخواہ دشمنی پر اتر آتے ہیں اور مختلف حیلے بہانوں سے شریف مردوں/عورتوں کو تنگ کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ بعض مردوں/عورتوں کی کچھ کمزوریاں دوسروں کے ہاتھ آجاتی ہیں۔ اور پھر یہ لوگ آئے دن بلیک میل بھی کرتے رہتے ہیں۔ بعض لوگوں کو دیکھا گیا ہے کہ وہ کسی طرح بھی باز نہیں آتے۔ جس کی وجہ سے شریف مردوں/عورتوں کا جینا دوبھر اور محال ہوجاتا ہے۔

اگر کسی مرد/عورت کے ساتھ ایسا مسئلہ ہو تو اس کے لیے ایک خاص الخاص عمل لکھا جارہا ہے۔ یہ عمل کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے۔ دشمنوں کو تباہ و برباد کرنے اور سزا دینے کے لیے اپنی مثال آپ ہے۔

دوئم میں یہ بات بھی واضح کردوں۔ اس عمل کو جائز جگہ پر کریں۔ ناجائز کسی پر ظلم ہرگز نہ کریں۔ کیونکہ یہ جلالی عمل ہے۔ جو شخص ناجائز کرے گا، وہ یقیناً رجعت میں گرفتار ہوجائے گا۔ اور پھر کوئی علاج کارگر نہ ہوگا۔ اس لیے عمل لکھنے سے پہلے اس کی وضاحت ضروری تھی جو کہ میں نے کردی ہے۔

زوال ماہ یا قمر در عقرب دن ہفتہ یا منگل کا ہو، اس عمل کو شروع کرنا ہے۔ عمل پڑھتے وقت چھت سر پر نہ ہو۔ اس عمل کو کھلے آسمان کے نیچے پڑھنا ہے۔ عمل کے شروع میں بسم اللہ یا درود شریف ہرگز نہیں پڑھنا ہے۔

اگر دشمن کی تصویر آپ کے پاس ہے تو اس کو سامنے رکھ لیں۔ ورنہ اس کا تصور کریں۔ یاد رہے کہ یہ عمل کھڑے ہوکر پڑھنا ہے۔ اگر دشمن کے گھر کا پتہ ہو تو عمل کے دوران منہ اس کی طرف کرکے پڑھیں ورنہ کسی طرف بھی منہ کرلیں۔

عمل مبارک کو اکتالیس (41) مرتبہ سات (7) روز تک پڑھیں۔ اکتالیس (41) مرتبہ پڑھنے کے بعد نیچے سے مٹی اٹھالیں۔ اور بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر رکھ کر پھونک مار کر دشمن کے گھر کی طرف اڑا دیں۔ دوران عمل دشمن کو جو سزا دینی ہے، اسی طرح تصور کریں۔ روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی لازمی ہے۔

ان شاء اللہ سات (۷) روز کے اندر اندر دشمن سے پوری طرح سے نجات مل جائے گی۔

عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَاضَيْغَمَ الْمُهَيْمِنُ يَانَاصِرَ النَّبِيِّ يَادَافِعُ النَّوَائِبِ يَاقُوَّتَ قَوِيٍّ يَافَارِغَ الْخَطَائِبِ يَاقَاتِلَ الْغَوِيِّ يَاقَاهِرَ الْعَدُوِّ يَاوَالِيَ الْوَلِيِّ يَامَظْهَرَ الْعَجَائِبِ يَامُرْتَضٰى عَلِيٍّ

نوٹ:

۱ آسیبی مریض اس عمل کو ہرگز ہرگز نہ کریں۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

۲ خواتین ناغہ کے دنوں میں یہ عمل ہرگز نہ کریں۔ ورنہ سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔

۳ عمل کرنے سے قبل مجھ سے اجازت لینی شرط ہے ورنہ عمل کام نہ کرے گا اور رجعت بھی یقینی ہے۔

بقیہ (ص 44) حفاظت کے مسنون اعمال

ترجمہ: ......''نبی ﷺ معوذتین کے علاوہ کسی اور چیز سے جھاڑ پھونک کو ناپسند کرتے تھے۔'' (ابوداؤد و نسائی)

۴ ..... حضرت ابوسعید خدریؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جنات اور انسانوں کی نظرِ بد سے پناہ مانگا کرتے تھے، یہاں تک اللہ تعالیٰ نے معوذتین نازل فرمایا۔ تو آپ ﷺ نے ان کو پڑھنا شروع کردیا اور اس کے علاوہ بقیہ چیزوں کو پڑھنا چھوڑ دیا۔ (ترمذی اور نسائی)

کینسر، سرکش جنات اور جادو کا رُوحانی علاج

مدثر نذیر شاہ قادری (نارووال)

کینسر اس وقت ہوتا ہے جب جسم کے کسی حصے کے خلیات قابو سے باہر ہوجاتے ہیں۔ بڑھتے ہیں اور رکتے نہیں، جسم کے عام خلیے بڑھتے ہیں، تقسیم ہوتے ہیں اور مرجاتے ہیں۔ لیکن کینسر کے خلیے مرنے کی بجائے بڑھتے ہی رہتے ہیں۔ رکتے نہیں ہیں بلکہ غیر معمولی خلیوں کی تشکیل کرتے رہتے ہیں۔ کینسر کے خلیے باقی دوسرے خلیوں پر بھی حملہ آور ہوتے ہیں۔ کینسر کی کچھ معلوم وجوہات میں جنیاتی عوامل شامل ہیں۔ طرزِ زندگی کے عوامل جیسے تمباکو نوشی کا استعمال، خوراک اور جسمانی سرگرمی کچھ قسم کے انفیکشن اور مختلف اقسام کے کیمیکل اور تابکاری سے ماحولیاتی اثرات۔

اللہ پاک کے پاک کلام قرآن پاک میں کینسر کا علاج موجود ہے۔ میرے پاس جب کینسر کا پہلا مریض رُوحانی علاج کے سلسلے میں آیا تو میرے پاس اُس وقت اس کی کوئی ترکیب ایسی نہ تھی کہ میں اس کا علاج کرتا۔ میں نے فوراً اپنے مہربان پیرومرشد حضرت خواجہ پیر صوفی الشاہ غلام سرور شباب علوی قادری سے رابطہ کیا اور کینسر کے مریض کے بارے میں ساری معلومات حاصل کیں۔ آپ سرکار نے مجھے حوصلہ عطا فرمایا کہ بیٹا! آپ پریشان نہ ہوں، اس کا علاج اللہ تعالیٰ کے قرآن پاک میں موجود ہے۔ قرآن پاک کی پہلی سورۃ یعنی سورۃ البقرہ میں ایک ایسی آیت مبارکہ موجود ہے، جس سے اللہ پاک کے حکم سے کینسر کا جڑ سے خاتمہ ہوجائے گا۔ آپ سرکار نے مجھے وہ آیت مبارکہ ارشاد فرمائی اور اُس کا ایک خاص طریقہ علاج بھی ارشاد فرمایا۔ جو آج آپ سب کی خدمت میں پیش کررہا ہوں۔ تاکہ مخلوقِ خدا کی زیادہ سے زیادہ بھلائی ہوسکے، جو کہ میرے پیرومرشد کا خاص مشن ہے۔

کینسر کی رسولی کا رُوحانی علاج

آپ تبت ویزلین جو عام دوکانوں سے مل جاتی ہے وہ مریض سے منگوالیں۔ اور مریض کو اپنے سامنے بیٹھا کر سورۂ بقرہ کی آیت مبارکہ گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر مریض اور ویزلین پر دَم کریں۔ اسی طرح تین (3) مرتبہ دَم کریں۔ اور مریض کو ہدایت کریں کہ صبح وشام کینسر والی متاثرہ جگہ رسولی پر ہلکی ہلکی ویزلین کی مالش کریں۔ اور ایسا کم از کم تین (3) ماہ کریں۔ اللہ پاک کے فضل وکرم سے رسولی چاہے چھاتی کی ہو، چاہے رحم میں ہو، جسم کے کسی بھی حصے میں ہی کیوں نہ ہو، اس کا جڑ سے خاتمہ ہوجائے گا۔ مریض اور ویزلین پر پڑھے جانے والی سورۂ بقرہ کی آیت مبارکہ یہ ہے۔

فَاَصَابَهَا اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ۔ ترجمہ: بگولا چلے اور وہ جل (کرراکھ کا ڈھیر ہو) جائے۔ آیت نمبر 266

اس آیت مبارکہ کی لیزر شعاعوں سے کینسر کے جراثیم جل کر راکھ ہوجاتے ہیں۔ اور مریض صحت یاب ہوجاتا ہے۔

یہ تو تھا کینسر کی رسولی کا طریقہ علاج۔ اَب اگر کینسر خون میں ہے اور پورے جسم میں ہے تو پھر کیا کریں؟ اس کے علاج کے لیے سورۂ یٰسین شریف کی آیت مبارکہ ''سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ'' عرق گلاب اور زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر مریض کو دیں۔ اور اس کو ہدایت کریں کہ اسی آیت مبارکہ کو روزانہ پلیٹ پر 818 مرتبہ پڑھ کر دَم کریں اور دھو کر پی لیا کریں۔ واضح رہے پلیٹ پر روزانہ لکھنا ہے۔ کم از کم نوے (90) یوم ایسا کریں۔ اللہ پاک کے فضل وکرم سے کینسر کا جڑ سے خاتمہ ہوجائے گا۔ مجھ پر اللہ پاک کا سب سے بڑا کرم ہے کہ مجھے اُس ذات پاک نے پیرومرشد صوفی الشاہ غلام سرور شباب علوی المعروف سرور پیا سرکار سے جوڑ دیا ہے۔ کینسر ایک بہت موذی بیماری ہے۔ اللہ پاک کے فضل وکرم اور سرور پیا سرکار کی نگاہِ فیض سے اَب تک چالیس (40) کینسر کے مریض شفایاب ہوچکے ہیں۔ آپ بھی اس طریقہ کار کو پیرومرشد کی اجازت سے اپنائیں اور خدمتِ خلق میں

مصروف رہیں۔ یہ بھی ایک بہت بڑی عبادت ہے۔ اور اس عبادت میں ایسا سکون ملتا ہے کہ کسی چیز کی طلب باقی نہیں رہتی۔

جادو کا علاج

میرے پیرو مرشد غلام سرور شباب علوی سرکار نے مجھے جادو کے علاج کے معاملہ میں بے نیاز کر دیا ہے۔ الحمدللہ! جو بھی جادو مریض آتا ہے اللہ پاک کے فضل و کرم سے شفاء پاتا ہے۔ اور کئی مریض شفا پا چکے ہیں۔ اب تک یہ سلسلہ جاری و ساری ہے۔ میرا روز کا جو معمول ہے جادو کی کاٹ کا آپ سب کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔ میرے پیرو مرشد نے خاص صدری راز مجھے عطا فرما کر مجھے بڑی محنت اور مشقت سے بچا لیا ہے۔ جادو کے علاج میں میرا طریقہ یہ ہے۔

سحر زدہ مریض کو اپنے سامنے بیٹھائیں۔ ایک بوتل پانی اور ایک شیشی سرسوں کے تیل کی اپنے سامنے رکھیں۔ اور مندرہ شاہ علی کلاں گیارہ (11) مرتبہ پڑھیں۔ مریض پر، پانی کی بوتل اور سرسوں کے تیل پر دم کریں۔ پانی روزانہ صبح، دوپہر، شام مریض پیتا رہے۔ اور سرسوں کے چند قطرے اپنے سر پر دماغ والے حصہ میں لگائے اور ہلکا ہلکا تمام بدن پر مالش کرے۔ مریض کے لئے لازم ہے کہ روزانہ غسل کرے اور ہر وقت باوضو رہنے کی کوشش کرے۔ گیارہ (11) روز کے قلیل عرصہ میں جادو جڑ سے ختم ہو جائے گا۔ تمام احباب اگر اس طریقہ کار کو اپنائیں تو جادو کے مریضوں کے علاج میں کامیاب رہیں گے۔

جب سے پیرو مرشد نے مجھے یہ طریقہ تعلیم فرمایا، تب سے بے شمار مریضوں کا کامیاب علاج کر چکا ہوں۔ اور اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے کامل مرشد عطا فرمایا۔ جن کے فیضان نظر سے انسانیت کی رُوحانی خدمت جاری و ساری ہے۔

مندرہ شاہ علی کلاں پیرو مرشد کی کتاب ''ردسحر حصہ دوم'' میں درج ہے۔ وہاں سے دیکھ لیں۔ اور سرور پیا سرکار کی اجازت لے اپنے عمل میں لائیں ان شاءاللہ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

سرکش جنات کا سورۂ جن سے علاج

عربی لغت میں ہر اُس چیز کو جن کے نام سے پکارا جاتا ہے جو نظر نہ آئے۔ اللہ تعالیٰ کی ایک مقرب مخلوق فرشتے ہیں جنہیں عربی میں ملک کہا جاتا ہے۔ بالکل اسی طرح جنت بھی انسانی نظروں سے پوشیدہ ہے۔ عربی لغت میں بہشت کا نام جنت ہے۔ لیکن اصطلاح کے اعتبار سے جن وہ جاندار مخلوق ہے کہ یہ آگ اور ہوا کا مرکب ہے اور مادہ کی لطافت کی وجہ سے یہ مخلوق اُس چیز پر قادر ہے کہ کوئی بھی شکل و صورت اختیار کر لیتی ہے۔ عجائب القصص میں درج ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ سے ایک آگ پیدا فرمائی، اس آگ میں ایک نور بھی تھا اور ظلمت بھی۔ تو اللہ تعالیٰ نے نور سے فرشتے پیدا فرمائے اور آگ سے جنات کو پیدا فرمایا۔ باقی دھوئیں سے شیاطین اور ارواح خبیثہ کو پیدا فرمایا۔ جنات کا وجود ہے اور ان کے وجود کا انکار کسی بھی صاحب ایمان کو نہیں ہے۔ قرآن پاک میں اکثر مقامات پر جن وانس کا ذکر اس حیثیت سے کیا گیا ہے کہ یہ دو (2) الگ الگ قسم کی مخلوقات ہیں۔ اور جنات کا ذکر قرآن پاک کی مختلف سورتوں میں آیا ہے۔ اور حدیث شریف میں بھی ان کا ذکر موجود ہے۔ طبرانی نے صحیح سند کے ساتھ حضرت ثعبہ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جنات کی تین (3) قسام ہیں۔ ایک قسم وہ جن کے پر ہوتے ہیں۔ اور وہ ہوا میں اڑتے پھرتے ہیں۔ اور دوسری قسم سانپ کی ہے جو زمین پر ادھر اُدھر پھرتے رہتے ہیں۔ اور تیسری قسم انسانوں کی طرح ہے اور یہ حساب و کتاب کے بھی مکلف ہیں یعنی آخرت میں ان سے پوچھ گچھ ہوگی۔

جناتی مریض کی تشخیص کا طریقہ

جنات کا کسی پر آنا دو وجوہات پر ہے۔ ایک از خود مطلب کسی مرد یا عورت کا کسی ایسی جگہ سے گزر ہو جہاں جنات موجود تھے۔ تو وہاں پر کسی نے پیشاب و پاخانہ کر دیا، کیونکہ یہ غیر مرئی مخلوق نظر نہیں آتی۔ تو یہ انسانوں پر مسلط ہو جاتے ہیں۔ اور طرح طرح کی تکالیف دیتے ہیں۔ پہلے تو یہ معلوم کرنا ہے کہ مریض واقعی جناتی مریض ہے۔ اس لیے سب سے پہلے مریض

کی تشخیص کی جائے، کیونکہ بعض نفسیاتی مریضوں پر بھی جناتی علامات ظاہر ہوتی ہیں۔

مریض کو اپنے سامنے بیٹھا کر اُس پر سفید رنگ کا کپڑا ڈال دے۔ اور عامل اول و آخر تین تین (3،3) مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور پھر تین (3) مرتبہ سورۃ جن کی تلاوت کرے۔ اور مریض پر دَم کر دے۔ یہ عمل شروع کرنے سے قبل مریض پر ڈالے گئے کپڑے کی پیمائش کرے۔ پھر دَم کرنے کے بعد کپڑے کی دوبارہ پیمائش کرے۔

اگر کپڑا بڑھ جائے تو جنات کے اثرات ہیں۔

اگر کپڑا کم ہو جائے تو مریض پر جادو کے اثرات ہیں۔

اگر کپڑا پہلی پیمائش کے مطابق رہے تو جسمانی مرض ہے۔ کسی اچھے ڈاکٹر یا ماہر نفسیات سے رابطہ کریں۔

جناتی مریض کا روحانی علاج

ایسے آسیب اور جنات زدہ مریض کا علاج کرنے کے لیے مریض کو اپنے سامنے بیٹھا کر اُس کے اُلٹے کان میں گیارہ (11) مرتبہ سورۃ جن پڑھ کر دَم کریں۔ اور ساتھ سرسوں کے تیل کی ایک (1) شیشی بھی رکھیں۔ اور ایک بوتل پانی کی بھی رکھیں۔ مریض، پانی اور تیل پر دَم کریں۔ پانی صبح دو پہر شام مریض پیتا رہے۔ اور تیل روزانہ چند قطرے دماغ پر اور تمام جسم پر مالش کرے۔ ان شاء اللہ سرکش جنات اسی وقت جل کر راکھ ہو جائیں گے۔ اگر مریض کو حفاظتی نقش لکھ کر گلے میں ڈالنے کے لیے بھی دیں تو بہتر ہے۔ حفاظتی نقش کے لیے پیر و مرشد کی کتاب ''آسیبی قوتوں سے نجات'' کا مطالعہ کریں۔

جو طریقے میں آپ کو بتائے ہیں میرے روزانہ کے معمولات میں شامل ہیں۔ اور سرور پیا سرکار کا خاص فیضان ہے کہ اللہ پاک نے مجھے عزت بخشی ہے۔ اللہ پاک آپ کا حامی و ناصر رہے۔ آستانہ عالیہ سرور پیا سرکار آباد رہے۔

بشریات و آثاریات پر پہلی کتاب کا مسلمان مصنف
آثار الباقیہ (من القرون الخالیہ)
صفحات 608
قیمت 530 روپے
تصنیف: ابوریحان البیرونی، ترجمہ: ڈاکٹر سید علی رضا نقوی
دن اور رات دونوں کے مجموعہ اور ابتداء کی ماہیت کے بیان میں ☆ دنوں کی ماہیت کے بارے میں جن سے مہینے اور سال ترکیب پاتے ہیں ☆ مبداءہائے تاریخ کی حقیقت اور ان کے بارے میں اقوام کا اختلاف ☆ ذوالقرنین لقب پانے والے بادشاہ کی اصلیت کے بارے میں مختلف اقوام کی آراء کے بیان میں ☆ مہینوں کی کیفیت کے بارے میں جن پر گزشتہ تاریخوں میں عمل ہوتا تھا ☆ تواریخ کے ایک دوسرے سے استخراج، بادشاہوں کی تواریخ اور ان کی مدِ سلطنت کے بارے میں مختلف اقوال کی روشنی میں ☆ تاریخی ادوار، تقویمات (سال کی چوتھائیاں) سالوں اور مہینوں کے موالید اور ان کی کیفیات، یہودیوں اور دوسروں کے سالوں میں کبیسہ کا طریقہ ☆ نبوت کے جھوٹے دعویداروں کی تاریخوں، سنن اور ان کی فریب خوردہ امتوں کے بارے میں جہانوں کے پروردگار کی ان پر لعنت ہو
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
0323-4487877, 042-35410586
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877
+maktabatulaarif
قانون مفرد اعضاء کے تحت معدہ و امعاء میں پیدا ہونے والی تکالیف و علامات
کا یقینی و بے خطا غذائی و دوائی علاج
تحقیقات و علاج
امراضِ معدہ و امعاء
ترتیب و توضیح: زبدۃ الحکماء الحاج حکیم محمد یسین دنیاپوری
شاگردِ رشید حکیم انقلاب المعالج صابر ملتانی ؒ
صفحات 144
قیمت 350 روپے
اس کتاب میں معدہ و امعاء میں ہونے والی تمام تکالیف و علامات کی تشریح و توضیح نہایت آسان الفاظ میں کی گئی ہے۔ ساتھ ساتھ ذاتی مجربات بھی دیئے گئے ہیں تاکہ معمولی پڑھا لکھا آدمی بھی بے خوف و خطر پیچیدہ و لاعلاج تکالیف کا علاج کر سکے۔
* نقشہ امراض معدہ و امعاء * معدہ ایک شریف عضو ہے * درد معدہ (اعصابی)
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
0323-4487877, 042-35410586
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877
+maktabatulaarif
اللہ جل جلالہ اکسیر عملِ قرآنی
یہ عمل اللہ جل جلالہ کے غیبی خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ یہ عمل ان اعمال میں سے ہے، جو ہر طرح کے جائز مقصد کے حصول اور ہر طرح کی پریشانیوں سے نجات کے لیے اکسیر ہیں۔ ہر کوئی اس عمل کو کر سکتا ہے۔ عام اجازت ہے۔
ہدیہ 30 روپے علاوہ ڈاک خرچ
رعایتی ہدیہ 20 روپے علاوہ ڈاک خرچ
ہماری ویب سائٹ سے اس کتاب کو ڈاؤنلوڈ کیا جا سکتا ہے۔ لنک یہ ہے:
darulamal.org/publications/books
رابطہ 0322-4773786, 042-35410586
بکرے کا صدقہ
یہ صدقہ ہر تیسرے اسلامی ماہ کے آخری منگل کو کیا جاتا ہے۔ جو احباب اس میں شامل ہونا چاہیں، وہ 3500 روپے ادارے میں جمع کروا دیں۔ سائل کا نام معہ والدہ، شہر اور مقصد/ حاجت واضح بتائیں۔ عاملین کے لیے صرف اپنا نام و شہر اور یہ نیت کہ ہر طرح کے جادو جنات کے علاج کرنے کے مضر اثرات سے اپنی و اہل و عیال کی حفاظت و نجات کی نیت کافی ہے۔
سائلین، مریضوں اور عاملین کیلئے چند فوائد
* مصیبتیں اور پریشانیاں * مشکلات * حاجات * سخت جادو * جنات اور شیاطین * رشتے اور شادی کے معاملات * لاعلاج بیماریاں * معاشی معاملات * ازدواجی و سسرالی مسائل اور اسی طرح کے مسائل کا شکار عاملین بھی بکرے کے صدقے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور روحانی اثرات سے پیدا ہونے والی بندشوں، رکاوٹوں، مصیبتوں، پریشانیوں اور بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔
روحانی علاج گاہ دار العمل چشتیہ
0342-7772772, 042-35410586
ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com
0324-7772772
ruhaniilajgah96
لاعلاج امراض سے شفاء کا خاص قرآنی عمل
ہر قسم کے موذی، مہلک، جان لیوا اور لاعلاج امراض (مثلاً کینسر، ٹی بی، ہیپاٹائٹس، دل و دماغ کے امراض اور وبائی امراض وغیرہ) سے شفاء پانے کیلئے یقین اور اعتماد کے ساتھ اس قرآنی عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ عمل اللہ کے غیبی خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ اس کی عام اجازت ہے۔ یقین سے کر کے دیکھیں اور ناممکن کو ممکن ہوتا دیکھیں۔
عام قیمت: 40 روپے
رعایتی قیمت: 30 روپے
شعبہ نشر و اشاعت 042-35410586, 0322-4773786
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
عارفی پرفیومز میں دستیاب عربی، انڈین عطر اور فرنچ پرفیوم آئل کی تفصیل
https://bit.ly/3jnD8K8

انگور کے طبی فائدے

از قلم: قیصر احمد بی۔اے۔(کراچی)

انگور دل و دماغ، جگر و معدہ اور گردوں کو تقویت دیتا ہے۔ اس میں کیلشیئم، پوٹاشیئم اور فاسفورس کی بڑی مقدار موجود ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ وٹامن اے بی اور ڈی شامل ہوتے ہیں۔ جدید تحقیق کے مطابق اس میں حیاتین سی اور ای کی موجودگی بھی پائی گئی ہے۔ پکا ہوا انگور جلد ہضم ہوتا ہے اور عمدہ صالح خون بناتا ہے۔ قدیم وید کہتے ہیں کہ انگور رجو شیریں ہو، اس سے آنکھ کی روشنی تیز ہوتی ہے۔ صفرا اور تپ کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ یہ پیاس کی شدت میں نافع ہے۔ ہر قسم کی کھانسی میں، گلا بیٹھ جانے میں، یہاں تک کہ دمہ کے مرض میں بھی مفید ہے۔

یہ خون کے فساد کو روکتا ہے اور یرقان کی شکایت دور کرتا ہے۔ ''خواص الادویہ'' میں مرقوم ہے کہ انگور کے بیج ریاح پیدا کرتے ہیں جس سے قبض ہوجاتی ہے۔ یہ مثانے کو بھی نقصان پہنچاتا ہے۔ اس لئے انگور کا رس چوس کر اس کا پھوک پھینک دینا چاہئے۔

شدید کھانسی کیلئے: انگوروں کا رس اور شہد ایک (1) تولہ لے کر ملالیں۔ اسے چند گھنٹے پڑا رہنے دیں۔ پھر ایک چمچہ (1) پی لیں۔ باقاعدہ استعمال سے چند ہی دنوں میں کھانسی کی شکایت دور ہوجائے گی۔ اکثر حکماء اس معجون کو شدید کھانسی میں استعمال کرنے کی ہدایت کرتے ہیں۔

خشک کھانسی کیلئے: دس (10) تولے کشمش، بیس (20) تولے پانی میں پیس کر پکائیں۔ جب یہ چٹنی کی طرح گاڑھی ہوجائے، اسے اتار کر محفوظ کرلیں۔ بوقت ضرورت سوتے وقت دو (2) تولے چاٹ لیں۔ خشک کھانسی میں لاجواب ہے۔

دیگر: کھانسی میں عمدہ اور صاف منقیٰ توے پر بھون لیں اور اسے گرم گرم کھالیا جائے تو کھانسی میں فوری طور پر فائدہ ہوتا ہے۔

دائمی قبض کیلئے: انگور کے رس آدھ کلو میں آدھ پاؤ مصبر ڈال کر پینا دائمی قبض کیلئے عمدہ ہے۔ یاد رکھیے! اس کے بعد پانی نہیں پینا چاہیے کیونکہ قے ہوجاتی ہے۔

قبض و وجع المفاصل کیلئے: منقیٰ کے پندرہ (15) دانے ایک گلاس پانی میں بھگودیں۔ چوبیس گھنٹے کے بعد اس پانی کو نہار منہ پی لیجئے اور منقیٰ کے بیج نکال کر کھالیں۔ اس سے قبض کی تکلیف دور ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ جوڑوں کے درد میں بھی افاقہ کرتا ہے۔

حاملہ خواتین کیلئے: انگور کا رس خواتین کیلئے خاص طور پر زمانہ حمل میں بہت اعلیٰ ثابت ہوتا ہے۔ اسے روزانہ اپنی خوراک کا جزو بنا لیا جائے تو غشی، چکر، اپھارہ اور درد سے خاصا افاقہ ملتا ہے۔ دیگر متلی بھی نہیں ہوتی ہے۔

بندش حیض کیلئے: خواتین کیلئے ایک اور بیش بہا نسخہ پیش ہے۔ انگور کے رس میں ہم وزن شہد ملائیں۔ انہیں اچھی طرح حل کرلیں۔ اس کے بعد اس میں چھوہاروں کا باریک پسا ہوا سفوف ڈال کر اچھی طرح پھینٹ لیں۔ اسے دو (2) تولہ کی مقدار میں روزانہ دو (2) سے تین (3) بار استعمال کریں۔ بندش حیض میں بے حد نافع ہے۔

حسن صحت کیلئے: افزائش صحت کیلئے یہ نسخہ لاجواب ہے۔ انگوروں کے موسم میں کمزور افراد روزانہ دن میں ایک (1) بار تازہ انگور کھائیں اور رات کو سونے سے قبل ایک (1) گلاس دودھ میں ایک چمچہ شہد خالص کا حل کرکے پیا کریں۔ اس سے چند ہی دن میں ان کی صحت قابل رشک ہو جائے گی۔

ہسٹریا کیلئے: خواتین کیلئے نہایت عمدہ اور آزمودہ نسخہ ہے۔ مریضہ کو انگوروں کا رس دن میں تین (3) بار صرف پانچ (5) تولہ کی مقدار میں دیں۔ اس عمل کو تین (3) ماہ تک جاری رکھیں۔ اس سے ہر طرح کی دماغی خشکی اور ہسٹریا کی تکلیف رفع ہوجائے گی۔

لیکوریا کیلئے: ایسی خواتین جنہیں لیکوریا کی شکایت لاحق ہو، انہیں چاہیے کہ وہ روزانہ ایک پاؤ (1) انگور کے رس میں شہد ملا کر پیا کریں۔ اس سے دس پندرہ (10،15) دن میں لیکوریا کی شکایت دور ہوجائے گی۔

بڑھے ہوئے پیٹ کیلئے: خواتین کے پیٹ کی جلد اگر موٹی ہوجائے اور جسم بھدا دکھائی دے تو ایک (1) پاؤ انگور کے رس کو تین (3) پاؤ زیتون میں ملا کر رکھ دیں۔ اسے ایک (1) ہفتہ تک دھوپ میں رکھیں اور دن میں دو بار ضرور ہلا دیجئے۔ ایک (1) ہفتہ دھوپ کے بعد اسے کپڑے سے چھان کر کسی شیشی میں محفوظ کر لیں۔ اس تیل کی روزانہ جلد پر مالش کیجئے۔ اس سے رکے ہوئے فضلات خارج ہوجاتے ہیں اور پیٹ کی ساخت واپس اپنی جگہ پر آجاتی ہے۔

نکسیر کیلئے: اگر کسی کی نکسیر پھوٹ گئی ہو اور اس میں سے سیاہ خون نکل رہا ہو تو ایسی نکسیر کو بند نہیں کرنا چاہیے۔ اسی طرح بخار میں بحران نہ ہو تو نکسیر کو بند کرنا مناسب خیال کیا جاتا ہے۔ نکسیر کو بند کرنے کیلئے میٹھے انگوروں کا رس نکال کر انہیں بطور سعوط ناک میں کھنچوائیں۔ اس سے نکسیر فوری طور پر بند ہوجاتی ہے۔

آنکھوں کے درد کیلئے: آنکھوں کے درد کیلئے اس مجرّب اور آسان نسخے کو نہ بھولیے۔ ترش انگور کا رس نکال کر کسی بوتل میں محفوظ کر لیجئے۔ بوقت ضرورت اسے دکھتی آنکھوں میں ڈال لیجئے۔ چند بار یہ عمل کرنے سے بالکل آرام آجاتا ہے۔

آنکھوں کی خارش کیلئے: انگور کا رس لے کر اسے کسی قلعی دار برتن میں ڈال کر آگ پر چڑھا دیں۔ جب رس کا قوام تیار ہوجائے تو اسے اتار کر محفوظ کر لیں۔ جس شخص کی آنکھوں میں خارش ہوتی ہو، وہ رات کے وقت ایک ایک (1،1) سلائی آنکھوں میں ڈال کر سوجائے۔ جلد ہی تکلیف رفع ہوجائے گی اور بصارت میں بھی اضافہ ہوگا۔

بچے کے دانت نکالنے کیلئے: بچے کے دانت نکلنے کے زمانے میں اسے روزانہ دو (2) مرتبہ ایک (1) چھوٹا چمچہ انگور کا رس پلانا مفید ہے۔ اس سے وہ آسانی سے دانت نکالتا ہے اور دست وغیرہ کی بھی شکایت نہیں ہوتی۔ اس کا معدہ بالکل صحیح کام کرتا ہے۔

قوت مثانہ کیلئے: مثانے کی جملہ تکالیف کیلئے اگر روزانہ دوپہر کے وقت ایک (1) پاؤ تازہ انگور کھائے جائیں تو بہت مفید رہتا ہے۔ اس سے گردے مثانے کی ریپیئرنگ ہوتی ہے اور وہ تمام عمر آپ کو تکلیف نہیں دیتے۔

پیشاب کی تکلیف کیلئے: اگر پیشاب قطرہ قطرہ آئے تو تین (3) دانہ منقیٰ کے بیج نکال کر ان میں ایک ایک (1،1) سیاہ مرچ ڈال دیں۔ رات کو سونے سے قبل کھا لیں۔ دس (10) سے پندرہ (15) دن میں تکلیف دور ہوجائے گی اور خون کا درجہ حرارت اعتدال پر آجائے گا۔

پتھری کیلئے: گردے اور مثانے کی پتھری کو زائل کرنے کیلئے انگور کا رس ڈھائی (2/1/2) تولہ سے پانچ (5) تولہ تینوں وقت پینا مجرب ہے۔ اس سے چند ہی دن میں پتھری موقوف ہوجائے گی اور پیشاب کے راستے خارج ہوجائے گی۔

گلے کے ورم کیلئے: گلے میں ورم ہو تو انگور کا رس نکال کر اس سے غرارے کریں۔ دو تین (2،3) بار دن میں اس طرح کرنے سے ورم دور ہوجائے گا۔

جسم کی بدبو کیلئے: جسم میں بدبو رچ جائے اور جانے کا نام نہ لے تو اس نسخہ کو آزمائیں۔ عرقِ انگور دو (2) تولہ، عرق گلاب تین (3) تولہ میں شامل کر کے اچھی طرح حل کریں۔ اس کی متواتر ایک (1) ماہ تک جسم پر مالش کریں۔ بدبو کا کلی خاتمہ ہوگا۔

گرمی کے سر درد کیلئے: گرمی کا سر درد اور گرمی سے ہونے والے آشوبِ چشم کیلئے انگور کے پتے بہت فائدہ مند ہیں۔ ان پتوں کو پانی میں پیس کر ان کا لیپ کرنے سے مرض دور ہوتا ہے۔

دردِ شقیقہ کیلئے: انگور کی کونپلوں کو جلا کر راکھ میں پانی شامل کر کے لیپ بنا کر پیشانی پر لیپ کرنے سے پیشانی کا درد اور دردِ شقیقہ ختم ہوجاتا ہے۔

منہ سے خون آنے کیلئے: انگور کا شگوفہ نوماشے کھانے سے تھوک میں خون آنا بند ہوجاتا ہے۔ یہ مسوڑھے کو قوت بخشتا ہے اور دستوں کو بھی بند کرتا ہے۔

منہ کے چھالوں کیلئے: چھوٹے بچوں کے منہ میں اگر چھالے ہوجائیں تو انہیں انگور کا رس صبح و شام ایک ایک (1،1) چمچہ پلائیں۔ چھالے ختم ہوجائیں گے۔

گنجے پن کیلئے: چار (4) تولہ انگور کا رس یا کشمش عمدہ سبز لے کر دو (2) تولہ ایلوا اور چار (4) تولہ پیاز کے عرق میں کھرل کریں۔ یہ لیپ تیار کر کے روزانہ سر پر لگائیں۔ تھوڑے ہی عرصہ میں گنجا پن ختم ہو جائے گا اور سر پر بال اُگنا شروع ہو جائیں گے۔ (آزمودہ است)

کان میں پیپ پڑنے کیلئے: اگر کان سے پیپ آتی ہو تو ترش انگور کا رس دو (2) تولہ لے کر اسے آگ پر پکائیں۔ جب قدر سے گاڑھا ہو جائے تو اتار لیں۔ اسے ٹھنڈا ہونے پر دُگنا شہد کے ساتھ ملا کر کان میں ڈالیں۔ ڈالتے وقت ان دونوں کو نیم گرم کرنا نہ بھولیے۔ ان شاء اللہ، دو (2) دن میں ہی مرض جاتا رہے گا اور پیپ آنا بند ہو جائے گی۔

خفقان کیلئے: دس (10) تولہ عرقِ گلاب میں چالیس (40) دانے کشمش سبز کے ڈال کر رکھیں۔ اسے کسی چھلنی سے ڈھانپ کر باہر کھلے صحن میں رکھ دیں۔ تمام رات اسی طرح پڑا رہنے دیں۔ صبح اٹھ کر نہار منہ یہ دانے چن کر کھالیں اور ذرا سی چینی یا مصری ملا کر عرقِ گلاب پی لیں۔ چند روز میں خفقان کی شکایت دور ہو جائے گی۔

دیگر: خفقان کے مریضوں کو یہ ہدایت دی جاتی ہے کہ انگور کو بطور دوا روزانہ جب کھائیں تو دوسری تمام گرم اور ترش اشیاء کا استعمال چھوڑ دیں۔

دل ودماغ کیلئے: شیریں انگور کا شربت دل و دماغ کو فرحت دیتا ہے۔

قوت باضمہ کیلئے: کشمش دس دانے یا چھوٹی الائچی دو (2) ماشہ، مرچ سیاہ دو (2) تولہ، گوند کیکر تین (3) ماشہ، مغز بادام، مغز پستہ، مغز چلغوزہ ہر ایک چھ (6) ماشہ، سرکہ انگوری ایک پاؤ لیں۔ سب چیزوں کو باریک پیس کر سرکے میں ملا لیں۔ یہ گاڑھی سی چٹنی بن جائے گی۔ اسے سنبھال کر رکھ لیں۔ ہر خوراک کے ساتھ اس کا استعمال زود ہضم اور فائدہ بخش ثابت ہوتا ہے۔

سوادی امراض کیلئے: سرکہ انگوری ایک (1) کلو، عرقِ گلاب ایک (1) کلو، پھول گلاب تازہ ایک (1) کلو، گل انار ایک (1) پاؤ لیں۔ ان سب اشیاء کو ملا کر تین (3) دن تک پانی میں تر رکھیں۔ اس کے بعد ایک (1) کلو شکر سفید شامل کر کے آگ پر چڑھا دیں۔ جب گاڑھا قوام بن جائے تو اتار کر محفوظ کر لیں۔ یہ تین (3) تولہ روزانہ پانی میں ملا کر پییں۔ اس سے صفراوی امراض دور ہوتے ہیں اور خسرہ نکلنے کے بعد مفید ہے۔

درد گردہ کیلئے: انگور کے خشک پتے درد گردہ کو تسکین دیتے ہیں۔ دو (2) تولہ خشک پتے لے کر انہیں پانی میں اچھی طرح پیس لیں۔ اس کے بعد انہیں چھان کر کسی شیشے کے گلاس میں ڈال دیں۔ لاہوری نمک ایک (1) ماشہ اس میں ڈال کر پئیں۔

دمہ کیلئے: امریکی ڈاکٹر اولڈ فیلڈ کی رائے ہے کہ دمہ کی بیماری کیلئے انگور اور اس کا رس بہت عمدہ ہے۔ اس سے کئی عوارض ختم ہو جاتے ہیں۔ اگر دمے کا مریض ایک (1) سال تک انگوروں کے کھیت میں رہائش اختیار کر لے اور ہر دم وہیں رہے یا اپنے گھر میں انگور کی بیلوں کی کاشت کر لے تو اس کا مرض خود بخود ختم ہو جاتا ہے۔

بقیہ (ص 16) تربیت العاملین

آج کل مداومت میں کافی کوتاہی ہو رہی ہے۔ جادو کے اثرات بھی محسوس ہوتے ہیں۔ میں مندرہ ایک بار (1) پڑھ کر پیغام دے دیتا ہوں کہ سارے اثرات ختم کریں۔ اسی طرح سات (7) بار چہل کاف پڑھ کر پیغام دے دیتا ہوں۔ رہنمائی فرمائیں کہ کیا یہ طریقہ صحیح ہے؟
(م ص، مظفر آباد)

جواب پڑھ کر کہنا صرف اسی وقت صحیح کہا جا سکتا ہے جب آپ نے اس عمل کی بڑے درجے کی چلہ کشی کی ہو اور آپ پابندی سے مداومت بھی کر رہے ہوں۔ اور جو علاج کرنا چاہیے، وہ بھی کر رہے ہوں۔

آپ کوئی بھی علاج نہیں کر رہے جو ایک بہت بڑی غلطی ہے۔ جنات ایسے عامل کے ساتھ تعاون نہیں کرتے جو خود کرنے کا کام نہ کرے اور صرف ان کو کہہ دیا کرے۔

اس لیے آپ مندرہ یا چہل کاف پڑھ کر کسی چیز پر دم کریں۔ جیسے پانی چینی نمک۔ وہ پانی پییں اور چھڑکیں۔ پھر اگر کوئی اثر محسوس کریں تو پڑھ کر کہہ دیا کریں۔ اس طرح جنات تعاون کریں گے۔

ماہنامہ خزینہ روحانیات
54
جنوری 2023ء
ھانڈی کے خاص عمل کے عامل بنیں اور بنائیں
درجہ اول ہدیہ :- /5500 روپے
درجہ دوم ہدیہ :- /10500 روپے
تعارف
ھانڈی کا عمل روحانی علاج میں ایک خاص اہمیت کا حامل ہے۔ یہ عمل بڑے اعمال میں آتا ہے۔ جس طرح طبی علاج میں آپریشن بڑا علاج تصور کیا جاتا ہے۔ اسی طرح ہانڈی کے علاج کی حیثیت روحانی علاج میں آپریشن کی سی ہے۔ اس عمل سے ہر قسم کے جنات، جادو اور نظر بد کا علاج کیا جا سکتا ہے۔ ایسی تمام جگہیں جہاں پر جنات کا قبضہ ہو یا سخت جادو ہو، ھانڈی کا عمل کرنے سے وہ جگہیں صاف ہو جاتی ہیں۔ نیز مختلف قسم کے ایسے خطرناک امراض، جو ٹھیک ہونے کا نام نہ لے رہے ہوں اور ڈاکٹرز اور طبیبوں نے انہیں لاعلاج قرار دے دیا ہو، ان امراض کے علاج میں بھی ھانڈی کا عمل بہت مفید و مؤثر ثابت ہوا ہے۔ ھانڈی کے عمل میں مریض یا جگہ پر جو بھی بد اثرات یا مخلوق ہوتی ہے، اس کو جلا دیا جاتا ہے۔
ہمارے ادارے کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ ھانڈی کے عمل کے اجازت یافتہ کو جناتی معاونت دی جاتی ہے تاکہ وہ سخت جنات و جادو کا آسانی سے مقابلہ کر سکے۔
ھانڈی کے عمل کے فائدے
ھانڈی کے عمل کے فائدے درج ذیل ہیں:
** بڑے سے بڑے جنات، آسیب، عفریت، شیاطین وغیرہ سے لڑنے اور ان کو جلانے کا خاص عمل۔
** ہر قسم کا جادو، چاہے وہ کتنا ہی خطرناک کیوں نہ ہو، اس کو ختم کرنے اور جادو کو جادوگر یا جادو کروانے والے پر واپس کرنے کا خاص عمل۔
** ہر قسم کی نظر بد (انسانی، جناتی، آسیبی، شیطانی) ختم کرنے کا عمل ** دیرینہ امراض یا لاعلاج امراض سے شفاء حاصل کرنے کا خاص عمل۔
پہلے اور دوسرے درجے کی تفصیل
درجہ اول: اس درجے کا اجازت یافتہ جادو، جنات، نظر بد، شیاطین، دیو، پری، بھوت، چڑیل اور اسی طرح کی دیگر نقصان دہ مخلوق کے اثرات کا علاج کر سکتا ہے۔ اسی طرح لاعلاج بیماریوں کا بھی علاج کر سکتا ہے۔ درجہ دوم: اس درجے کا اجازت یافتہ درجہ اول کے تمام اعمال کرنے کے ساتھ دو (۲) خاص الخاص اعمال، جو سخت سے سخت جادو، بڑے بڑے شیاطین، جنات اور جادوگروں کو سبق سکھانے اور ان کا خاتمہ کرنے کے لئے ہیں، ان کی تعداد چاہے جتنی بھی ہو، کر سکتا ہے۔ نیز محبت، مفرور کو واپس لانے اور رشتے کے لئے راضی کروانے کا عمل بھی کر سکتا ہے۔
اجازت کے لیے اہلیت
اس عمل کی اجازت صرف وہ عاملین لے سکتے ہیں، جنہوں نے کم از کم دو یا تین ایسے بڑے عمل کیے ہوں، جن کے ذریعے ہر قسم کے جادو اور جنات کا علاج کیا جا سکے۔ مثلاً ہماری درسگاہ کے دو بڑے اعمال (۱) سات سلام اور چہل کاف (۲) امنت باللہ...... کے عامل ھانڈی کے عمل کی اجازت لے سکتے ہیں۔ نیز عاملین کے حصار مضبوط ہوں۔ ورنہ رجعت کا خطرہ رہتا ہے۔
اجازت لینے کا طریقہ
اس عمل کی اجازت نقد ہدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔
اجازت لینے کے بعد غائبانہ طور پر بڑے جنات کی معاونت بوقت عمل حاصل ہوگی۔ ساتھ ہی ھانڈی کے عمل کو استعمال کرنے کی خاص بیاض بھی دی جاتی ہے جس میں بہت سے سوالات و جوابات بھی دیے گئے ہیں تاکہ عاملین بآسانی یہ عمل کر سکیں اور رجعت سے بھی بچ سکیں۔
آگے سکھانے کی خاص اجازت
جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں۔ بغیر اجازت، کسی کو عمل سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔
Whatsapp
+92-322-4773786
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
https://bit.ly/3qRRzu2 عارفی پرفیومز میں دستیاب باڈی سپریز کی تفصیل

ماہنامہ خزینۂ روحانیات
55
جنوری 2023ء
خالصِ روغنِ بادام
قیمت: 350 روپے
پیکنگ: 50 ملی لیٹر
روغنِ بادام کے فوائد و خواص
◀ دماغ اور جسم کے لئے بے حد مفید ہے ◀ اعصاب کو تقویت اور دماغ کو سکون دیتا ہے ◀ دائمی قبض میں اس کا استعمال بڑا مفید پایا گیا ہے ◀ دماغی کمزوری اور خشکی کو دور کر کے یادداشت اور قوتِ حافظہ میں اضافہ کرتا ہے ◀ پیشاب کی سوزش اور سوزاک کو ختم کرتا ہے ◀ گردے کی اصلاح میں اس کا اثر قوی ہے ◀ بصارت کو قوی کرتا ہے ◀ معدہ میں زخم اور سوزش ہو جائے تو روغنِ بادام کا استعمال مفید رہتا ہے ◀ کان کے درد، کان میں آوازیں آنا، کان کے کیڑے، کان کے بہنے اور بہرے پن کے لئے ◀ بے خوابی کی شکایت کو دور کر کے پرسکون نیند لاتا ہے ◀ آنتوں کی خشکی اور بواسیری حالات میں قبض کی شکایت میں اس کا استعمال کیا جاتا ہے ◀ روغنِ بادام بالوں میں لگانے سے بال مضبوط، نرم اور چمکدار ہو جاتے ہیں ◀ جلدی امراض میں سوزش کو تسکین دینے کے لئے چہرے کے داغ و چھائیاں دور کرنے کے لئے بطور طلا استعمال کرتے ہیں ◀ بدن میں خشکی جو سردیوں میں اکثر پیدا ہو جاتی ہے، روغنِ بادام کی مالش سے رفع ہو جاتی ہے
حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر
042-35410586
0304-7772772
بے مثال تیل
قیمت: 400 روپے
پیکنگ: 150 ملی لیٹر
مردوں، عورتوں اور بچوں کے لئے یکساں مفید
بالوں کو لمبا، گھنا، چمکدار، مضبوط اور ملائم کرتا ہے۔ خوبصورت بال عورتوں، مردوں اور بچوں سبھی کو اچھے لگتے ہیں، اور شخصیت کے تاثر کو اُبھارتے ہیں ✿ ہمارا تیار کردہ "بے مثال تیل" بالوں کی بھرپور نگہداشت کرتا ہے ✿ خشکی اور سکری چند دنوں میں دور ہو جاتی ہے ✿ گرتے بال رُک جاتے ہیں ✿ بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے ✿ بالوں کو لمبا اور گھنا کرتا ہے ✿ بالوں کے روکھے اور بُھربُھرے پن سے نجات دلاتا ہے ✿ بالوں کو ریشم کی طرح نرم و ملائم اور سلکی کرتا ہے ✿ بالوں کی سیاہی کو برقرار ہی نہیں رکھتا بلکہ اس میں اضافہ کرتا ہے ✿ دوشاخہ پن سے مکمل نجات دلاتا ہے ✿ بالوں کی چمک میں بے پناہ اضافہ کرتا ہے بالوں کو پائیدار اور پرکشش بناتا ہے ✿ "بے مثال تیل" واقعی بے مثال ہے۔
اگر آپ اپنے بالوں کو حسین اور جاذبِ نظر بنانا چاہتے ہیں تو "بے مثال تیل" پر کامل بھروسا کیجئے۔ ان شاء اللہ العزیز آپ اس کے گرویدہ ہو جائیں گے
حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر
042-35410586
0304-7772772
وزن: 410 ملی لیٹر
شربت فولاد خاص
مردوں، عورتوں اور بچوں کے لئے یکساں مفید
ہر موسم میں استعمال کیا جا سکتا ہے
قیمت 400 روپے
◀ خون کی کمی دور کرتا ہے ◀ عام جسمانی کمزوری ختم کرتا ہے ◀ توانائی سے بھرپور زندگی فراہم کرتا ہے ◀ چہرے کی زردی دور کرتا ہے ◀ جگر اور معدہ کی اصلاح کرتا ہے
◀ خون کے سرخ ذرات کی افزائش کرتا ہے ◀ بھوک لگاتا ہے ◀ خوراک کو جزو بدن بناتا ہے ◀ ہاتھ پاؤں کی جلن دور کرتا ہے ◀
بچوں کی نشوونما کرتا ہے ◀ طبیعت میں فرحت اور تازگی پیدا کرتا ہے ◀ اعصاب اور دماغ کو طاقت بخشتا ہے ◀ جسمانی تھکاوٹ دور کرتا ہے ◀ بدن کو چُست اور طاقتور بناتا ہے ◀ بیماری کے بعد کی کمزوری کو بہت جلد ختم کرتا ہے
حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر
042-35410586
0304-7772772
قیمت (250 گرام) 375 روپے
شاہی: (ہربل ہیلتھ ٹانک)
خون کی کمی سے پیدا ہونے والے امراض کی لاثانی دوا
مرد، عورت اور بچوں کیلئے یکساں مفید
قیمت (500 گرام) 600 روپے
شاہی اپنے اجزاء اور فولاد کی شمولیت سے جگر کے افعال کی درستی اور تقویت جگر کے لئے ایک بے مثل مرکب ہے، جو مروجہ اس قسم کے مرکبات میں ایک امتیازی خصوصیت کا حامل ہے۔
◀ شاہی ضعفِ اعصاب کیلئے بہترین ٹانک ہے ◀ اعصابی کمزوری، فاسد اور حوصلہ شکن خیالات ◀ اپنے پر عدم اعتماد، کسل و ماندگی کی دافع ہے ◀ شاہی اپنے اجزاء موثر کے باعث جملہ اعضاء رئیسہ و شریفہ کو کافی مقدار میں شفاف خون بہم پہنچاتی ہے ◀ دل، دماغ، جگر اور معدہ کو قوت دیتی ◀ پھیپھڑوں کے جملہ نقائص دور کرتی اور خام اور غلیظ بلغم سے پاک وصاف کر کے تنفس کو اعتدال پر لاتی ◀ سستی و کاہلی کو رفع کر کے طبیعت میں امنگ و جولانی پیدا کرتی ہے
حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر
042-35410586
0304-7772772
عارفی پرفیومز میں دستیاب ایئر فریشنرز کی تفصیل
https://bit.ly/36LqsK5

خاص لنگر برائے تکمیل حاجات

(ہر اسلامی ماہ کی پہلی (نوچندی) اتوار کو کیا جاتا ہے)

● ہر قسم کی دینی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی دنیاوی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشرتی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی کاروباری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی روزگاری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی چھوٹی بڑی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی مایوس کن حاجات کی تکمیل کیلئے ● گھریلو امور سے متعلقہ ہر قسم کی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی نوکری، ملازمت و حصول ویزہ، حصول رشتہ وغیرہ کی تکمیل کیلئے

بفضل ربی جس نے بھی جس حاجت کیلئے حصہ ملایا، دعاؤں کا کہا، اس کی تمام مرادیں، تمام حاجات اللہ پاک نے پوری فرمادیں۔

مکمل دیگ: 14000

مکمل حصہ: 1400 روپے نصف حصہ: 700 روپے

ruhaniilajgah 0342-7772772 042-35410586

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com

0324-7772772 | ruhaniilajgah96

زنجانی جنتری 2023

شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

صفحات: 185۔ قیمت: 450 روپے رعایتی قیمت برائے ممبران: 360 روپے

٭ 2023ء کا اسم اعظم ٭ فالنامہ + تاثیرات نگینہ ٭ نوروز م عالم افروز 2023ء ٭ الیکشن 2023ء ٭ نئے سال م 2023ء ماہ بہ ماہ ٭ 2023ء کے محکمہ موسمیات کا الرٹ ٭ سچی پیشگوئیاں ٭ عالمی و سیاسی پیشگوئیاں 2023ء ٭ جفری پیشگوئیاں 2023ء ٭ تیر السال 2023ء ٭ کیلنڈر کہانی 2023ء ٭ عریضہ یا صاحب الزمانؑ ٭ لوحِ محفوظ ٭ آپ اور آپ کے بچوں کا مستقبل ٭ ہر کام قمر سے ٭ 12 ماہ تقویم 2023ء ٭ مسلمان بچوں کے نام ٭ اہرام شرف مشتری ٭ پرائز بانڈرز 2023ء ٭ صدقہ سے شفاء + نافع الخوراک ٭ نقش مہر نبوت ﷺ ٭ برج حالات حمل تا حوت 2023ء ٭ مجرب عمل ہمزاد نورانی ٭ آداب عملیات ٭ اوقات عملیات ٭ اہم اوقات عملیات 2023ء ٭ نظرات سیارگان 2023ء ٭ تقویم سیارگان 2023ء ٭ انجمن شرفات ٭ تسویۃ البیوت ٭ تفاوت وقت پاکستان

0332-4487877, 042-35410586 مکتبۃ العارف دارالعمل چشتیہ +maktabatulaarif

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

جنوری 2023ء

تاریخ ________

نام ________ والد ________

والدہ ________ مکمل پتہ ________

____

موبائل نمبر ________

Email (اگر ہو) ________

مطلوبہ علاج ________

نوٹ: علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

0324-7772772 | 0342-7772772 | 042-35410586

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

جنوری 2023ء

تاریخ ________

نام ________ والد ________

والدہ ________ مکمل پتہ ________

____

موبائل نمبر ________

Email (اگر ہو) ________

مطلوبہ اعمال ________

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط و تفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 | 0309-7772775 | 042-35410586

روحانی علاج گاہ کے تمام واٹس ایپ گروپس کی تفصیل https://bit.ly/3ujXbOW

روحانی بخورات برائے دفع جنات، جادو و ہر قسم بد اثرات حصول برکت

دفع نحوست، واپسی سحر اور نظر و حسد